تو اس نے اُسے تمام حالات بتائے تو انہوں نے تلبیس کرنے پر اتفاق کیا اور اسباب کو عربوں کے سامنے خوب مزین کر کے بیان کیا۔ تو انہوں نے اسے قبول کر لیا اور اس میں مرغم بن صابر نے بڑا پارٹ ادا کیا اور اس کی قوم نے اس کی پیروی کی اور ابو مروان عبدالملک بن مکی رئیس قابس نے انہیں حکومت میں داخل کیا اور اس کی حکومت کا محل بنا اور کرسی خلافت کا اس کے خون سے تعرض اللہ کی تقدیر تھی جیسا کہ حکومت کے حالات میں بیان کیا جاتا ہے اور سلطان ابو حفص ان پر اعتماد کرتا تھا۔ پس اس نے انہیں بادشاہ کی اطاعت پر طلب کیا۔ تو یہ اس کے مخالف ہو گئے اور اس نے ان کے ساتھ جنگ کرنے کے لئے اپنے سپہ سالار ابو عبداللہ الفزاری کو بھیجا اور انہوں نے اس کے بھتیجے امیر ابو زکریا سے مدد لی۔ ان دنوں وہ افریقہ میں بجایہ اور مغربی سرحد کا حاکم تھا اور ان میں عبدالملک بن رحاب بن محمود اس کے پاس گیا۔ تو وہ ۶۸۲ھ میں اس کی مدد کو نکلا اور ان لوگوں نے اہل قابس سے جنگ کی اور انہیں شکست دی اور ان میں خونریزی کی پھر اس نے ان پر غالب آ کر انہیں افریقی وطن سے دھکیل دیا اور امیر ابو زکریا الثغر کی طرف لوٹ آیا اور مرغم بن صابر بن عسکر الجواری کا سردار تھا جسے اہل صقلیہ نے ۶۸۸ھ میں سواحل طرابلس سے قید کر لیا اور اسے اہل برشلونہ کے پاس فروخت کر دیا۔ پس ان کے بادشاہ نے اُسے خرید لیا اور وہ ان کے پاس قیدی بن کر رہا۔ یہاں تک کہ عثمان بن ابی دبوس جو ابو العلیٰ ادریس کا پوتا تھا اور بنی عبدالمومن کا بقیہ خلیفہ تھا۔ اس کے پاس گیا اور سلطنت کی دعوت میں اس کے حق کی طلب کے لئے افریقہ جانے کی اجازت چاہی۔ پس شاہ برشلونہ نے اس کے اور مرغم کے درمیان معاہدہ کروایا اور ان دونوں کو بھیج دیا اور یہ ساحل طرابلس پر اترے اور مرغم نے ابن دبوس کے لئے دعوت کو قائم کیا اور اس کی قوم نے اس پر حملہ کر دیا اور ۷۰۹ھ میں طرابلس کا کئی روز تک محاصرہ کئے رکھا پھر انہوں نے اس کے محاصرہ کے لئے فوج کو چھوڑ دیا اور وطن کے مراکز کے لئے کوچ کر گئے اور اس سے فراغت حاصل کر لی۔ اور یہاں کے معاملہ کی انتہا کی اور ابو دبوس مدت تک ان کے اوطان میں گھومتا رہا اور آٹھویں صدی کے آغاز میں کعوب نے اُسے بلایا اور اسے سلطان ابو عصیدہ حفصی کے زمانے میں تونس لے آئے اور اس کا محاصرہ کر لیا۔ مگر انہیں کامیابی نہ ہوئی اور وہ نواح طرابلس میں واپس آ گیا اور ایک مدت تک وہاں ٹھہرا۔ پھر مصر چلا گیا یہاں تک کہ فوت ہو گیا۔ جیسا کہ اس بات کا تذکرہ قیروان میں سلطان ابو الحسن کے ساتھ اس کے بیٹے کے واقعات میں بیان ہو گا۔ اور الجواری اور محامید آج تک اسی حالت میں رہے۔ یہاں تک کہ قابس اور طرابلس کے علاقوں سے حکومت کا سایہ سکڑ گیا اور ان کے مضافات میں اس کی دعوت ختم ہو گئی اور انہوں نے پہاڑوں اور میدانوں میں رہنے والی رعایا کو غلام بنا لیا اور شہر والوں نے اپنے شہروں کی مخصوص حکومت قائم کر لی اور بنو مکی قابس میں اور بنو ثابت طرابلس میں حکمران بن گئے۔ جیسا کہ ان کے حالات میں بیان کیا جاتا ہے اور بشارح کی حکومت دونوں شہروں کے تقسیم ہونے سے منقسم ہو گئی۔ پس الجواری نے طرابلس اور اس کے مضافات اور زنزور، غریان اور مسلاتہ کو منتخب کر لیا اور محامید قابس اور نفزاوہ کے قرب کے حکمران بن گئے اور ذیاب کے اور بطون بھی ہیں جو جنگل میں چراگاہیں تلاش کرتے ہیں اور ان کے ٹھکانے مشرق کی جانب ان دو شہروں سے بہت دور ہیں۔ جن میں سے آل سلیمان بن صبیح بن رافع بن ذیاب بھی ہے۔ جس کے ٹھکانے مسلاتہ اور غریان کے سامنے ہیں اور ان کی سرداری نصر بن زائد کی اولاد میں ہے اور آج کل یائل بن حماد بن نصر کو حاصل ہے اور اس کے اور دوسرے بطن کے درمیان سالم بن رحاب تک

[illegible]


عابد
عسکر
علی
مرثم
ساعد
عسکر
عمیرہ
جابر
وشاح
عامر
جابر
مالک
رقیع
رئاب
ربیعہ
زغب
جبیر
مالک
عفان
امرء القیس
حبشہ
مسلم

باب: ۱۱

بربر اقوام

بربر اور اہل مغرب کی دوسری قوم کے حالات کے متعلق
تیسری کتاب اور ابتدائے آفرینش سے اس عہد تک ان کی
اولیت اور حکومت کا ذکر اور ان کے متعلق لوگوں کے اختلاف
کا بیان

آدمیوں کی یہ قوم مغرب کے قدیم باشندے ہیں۔ جنہوں نے پہاڑوں، میدانوں، ٹیلوں، سبزہ زاروں اور اس کے شہروں اور مضافات کو گھیر رکھا ہے اور یہ پتھروں، مٹی، بانس، درختوں، بالوں اور اون سے گھر بناتے ہیں اور ان کے صاحب اقتدار لوگ چراگاہوں کی تلاش میں سفر کرتے ہیں اور ان سفروں میں سبزہ زاروں سے گذر کر صحرا اور چٹیل علاقوں میں نہیں آتے اور ان کی آمدنی بکریوں اور گایوں سے ہوتی ہے اور گھوڑے عام طور پر سواری اور بچے حاصل کرنے کے لئے ہوتے ہیں اور بسا اوقات ان میں سے چراگاہیں تلاش کرنے والوں کے لئے اونٹ بھی عربوں کی طرح آمدنی کا ذریعہ بن جاتے ہیں اور ان میں سے کمزور لوگوں کی معاش کاشتکاری اور چرنے والے جانور ہیں اور سبزہ زاروں کے معزز مالکوں اور سفر کرنے والے کی معاش اونٹوں کے بچے دینے، نیزوں کے سایوں اور راستوں میں ڈاکہ ڈالنے میں ہے اور ان کا عام پہناوا اون اور ان کا ہے۔ یہ دوہری سلی ہوئی چادریں اوڑھتے ہیں اور ان پر برنس کوٹ ڈالتے ہیں اور عموماً ان کے سر گھٹے ہوتے ہیں اور کبھی انہیں منڈا دیتے ہیں اور ان کی زبان عجمی ہے جو اپنی نوع کے اعتبار سے ممتاز ہے اور اسی وجہ سے وہ اس نام سے مخصوص ہیں۔

کہتے ہیں کہ جب افریقش بن قیس بن صیفی نے مغرب اور افریقہ سے جنگ کی اس وقت وہ تبابعہ کے بادشاہوں

تک سے قتال کیا اور جس نے شاہ جرجیس کو قتل کیا اور شہر تعمیر کئے اور ان کا خیال ہے کہ افریقہ کا نام اسی کے نام پر رکھا گیا ہے اور جب اس نے اس عجمی قوم کو دیکھا اور ان کی زبان سنی اور ان کے اختلاف اور تنوع کو دیکھا تو اس سے متعجب ہو کر کہنے لگا کہ تمہاری بربرۃ کس قدر زیادہ ہے پس ان کا نام بربر پڑ گیا اور عربی زبان میں بربرۃ الگ الگ آوازوں کو کہتے ہیں جو سمجھ نہ آئیں کہتے ہیں جب شیر گرجتا ہے تو الگ الگ آوازوں کے ساتھ دھاڑتا ہے تو کہتے ہیں بربر الاسد۔

اس قوم کے شعوب و قبائل اور ان کے بطون کے متعلق علمائے انساب اس بات پر متفق ہیں کہ ان کو دو جڑیں اکٹھی کرتی ہیں۔ برنس اور مادغیس کا لقب ابتر ہے یہی وجہ ہے کہ اس کے قبیلے کو البتر کہا جاتا ہے اور برنس کے قبیلے کو برانس کہتے ہیں اور دونوں دو دادوں کے بیٹے ہیں اور نسب دانوں کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے کہ آیا یہ دونوں ایک باپ کے ہیں۔ ابن حزم نے ایوب بن یزید صاحب الحمار سے بیان کیا ہے کہ وہ ایک باپ کے ہیں کیونکہ یوسف بن الوراق نے اس سے یہی روایت کی ہے اور ماہرین علم نسب سابق بن سلیمان مطماطی اور ہانی بن مصدور اور کہلان بن ابی لوا جو بربر کے نسابہ ہیں بیان کرتے ہیں کہ برانس بر بن مازیغ بن کنعان کی نسل سے ہیں اور البتر بر بن قیس بن عیلان سے ہیں اور بعض اوقات یہ روایت ایوب بن ابی یزید سے بھی نقل ہوتی ہے مگر ابن حزم کی روایت اصح ہے اور یہ قرین قیاس ہے۔

برانس کے قبائل: نسابوں کے نزدیک برانس کے قبائل کو سات جڑیں اکٹھی کرتی ہیں ان کے نام یہ ہیں ازداجہ، مصمودہ، اوربہ، عجیسہ، کتامہ، صنہاجہ اور اوریغہ اور سابق بن سلیمان اور اس کے اصحاب نے لمطہ، ہسکورہ اور کزولہ کا بھی ذکر کیا ہے اور ابو محمد بن حزم بیان کرتا ہے کہ لوگ کہتے ہیں کہ صنہاجہ اور لمطہ ایک عورت کے بیٹے تھے جسے تصکی کہتے ہیں اور ان دونوں کے متعلق علم نہیں کہ ان کا باپ کون ہے [illegible] کے متعلق یہ بات بھی مشہور ہے۔ یہ دونوں ہوارہ کے ماں جائے بھائی ہیں اور ابن حزم بیان کرتا ہے کہ [illegible] کے بعض لوگوں کا خیال ہے کہ وہ کندہ کے قبیلے میں [illegible] کا بیٹا ہے مگر یہ جھوٹ ہے اور کلبی کا خیال ہے کہ کتامہ اور صنہاجہ بربری قبائل سے نہیں ہیں بلکہ یمانی قبائل میں سے ہیں اور ان دونوں کو افریقش بن صیفی نے افریقہ میں اپنے محافظوں کے ساتھ چھوڑا تھا اور بربر کے بارے میں تمام اہل تحقیق کے مذاہب کا خلاصہ ہے۔

ازداجہ میں سے مسطاسہ اور مصمودہ میں سے غمارہ ہے۔ جو غمارہ بن مصطاف بن ملیل بن مصمودہ کے بیٹے ہیں اور اوریغہ میں سے ہوارہ، ملیلہ، ساطط، ورفلہ [illegible] ہیں جو ہوارہ بن اوریغ بن برنس کے بیٹے ہیں۔ اسیل اور مسراتہ ہیں اور ان سب کو [illegible] زبان میں [illegible] کہتے ہیں کہ ملیلہ ان میں سے ہے اور [illegible] سے [illegible] مصری ہے اور [illegible] صنف بیان [illegible] ملاحظہ ہے۔

سلسلہ

یوکلان	بن	
صنہاجہ	ہزول	رموز رکبا
لمطہ	بن	ماداس بن سعر
بن اللدن	اوریغ	مصراتہ
لحیسہ	بن	صنہاجہ
مسکورہ	جزنس	ھطہ بیہن رروا
زواوہ بن کتامہ	بن	الملوثہ لمطہ

فارس بن صداف بن یلیل بن مسکورہ ...

البتر کے قبائل: یہ ولیس الابتر کے بیٹے ہیں۔ ان کو چار بڑی بڑی اکٹھا کرتی ہیں: اداسہ، نفوسہ، ضریسہ اور جو لوا الاکبر اور یہ سب کے سب بنو زحیک بن مادغیس ہیں اور اداسہ اداس بن زحیک کے بیٹے ہیں اور ان کے سب بطون ہوارہ میں ہیں۔ اس لئے کہ کل اداس نے زحیک بن ادرنج کے بعد اس سے شادی کی تھی۔ جو اس کے بھائی برنس والد ہوارہ کا بیٹا تھا اور اداس ہوارہ کا بھائی تھا اور اس کے سب بیٹوں کا نسب ہوارہ میں داخل ہے اور وہ یہ ہیں سفارہ، اند اور جزوند، ضریسہ، لھاعتہ، اوطیطہ اور ترھنہ یہ سب کے سب اداس بن زحیک بن مادغیس کے بیٹے ہیں اور آج کل وہ ہوارہ میں ہیں۔

لوا اکبر: اور لوا الاکبر سے ایک عظیم بطن ہیں۔ نفزاوہ بھی نفزاو بن لوا الاکبر کے بیٹے ہیں اور لواتہ لوا الاصغر کے بیٹے ہیں اور لواتہ سے مزاتہ ہیں جو قبیلہ بن لوا الاصغر کے بیٹے ہیں اور مزاتہ کا نسب نفزاوہ میں داخل ہے ابو محمد بن حزم کہتا ہے کہ نفزاوہ کی ام مزاتہ سے شادی کی تو مزاتہ بنی نفزاوہ کے ماں جائے بھائی بن گئے اور اس کا نسب ان سے مل جل گیا۔

نفزاوہ: اور نفزاوہ سے بھی بہت سے بطون ہیں جو یہ ہیں ولہاصہ، غساسہ، زہیلہ، سوماتہ، ورسیف، مرنیسہ، زاتیمہ، ورکول، مرصطہ، ورفجوس اور وردن اور یہ سب کے سب طوفت کے بیٹے ہیں جو نفزاو سے تھا اور ابن سابق اور اس کے اصحاب نے مجر مکلاتہ کا بھی اضافہ کیا ہے وہ کہتا ہے کہ لوگ کہتے ہیں کہ مکلاتہ بربر میں سے نہیں ہے۔ بلکہ حمیر میں سے ہے۔ جو چھوٹی عمر میں طوفت کے پاس آ گیا۔ تو اس نے اُسے متبنی بنا لیا اور وہ مکلاتہ بن ریمان بن کلاع بن سعد بن حمیر ہے۔

ولہاصہ: اور ولہاصہ جو نفزاوہ میں سے ہیں اس کے ولہاص کے دونوں بیٹوں بیزغاسن اور ورتدین سے بہت سے بطون ہیں۔ اور بیزغاسن سے بطون اور قوم ہیں اور وہ ورتال، تحو بورتیش، وانیذ، کرطیط اور ماجرس مختصہ و نفرون بن بیزغاسن بن ولہاص بن طوفت بن نفزاو کے بیٹے ہیں۔ ابن اسحاق اور اس کے اصحاب کہتے ہیں کہ یہ بیزغاسن لواتہ سے ہیں اور سب کے سب جبال اوراس میں رہتے ہیں۔

ورتدین: اور ورتدین سے ورتکیتا، تریرہ، ورتیوقت، مکرا اور القوس ہیں۔ جو ورتدین بن ولہاص بن طوفت بن نفزاو کے بیٹے ہیں۔

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

مصر و مغرب کی بیعت سے اطراف افریقہ میں آئے [illegible] ابو عمر بن عبد البر اور ابو محمد بن حزم
نے [illegible]
[illegible] اس قول کے سوا [illegible]
قول [illegible] تک نہیں پہنچا لیکن انہوں نے [illegible]
[illegible]
[illegible] مشہور آدمی [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] افریقہ کی فتح کے لئے
[illegible]

جب [illegible] کنعان [illegible]
[illegible]
[illegible] شام [illegible]
[illegible] کہتے ہیں کہ [illegible] بادشاہ [illegible]
[illegible]
کے بعد مغرب کی طرف [illegible] اور افارقہ کی جنگ سے
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

حام مغرب کی طرف چلے گئے اور وہاں ان کی نسل بھی پھیلی نیز وہ کہتا ہے کہ جب حام اپنے باپ کی دعا سے سیاہ رنگ ہو گیا تو شرمندگی کی وجہ سے مغرب کی طرف بھاگ گیا اور اس کے بیٹوں نے اس کا پیچھا کیا اور وہ چار سو برس کا ہو کر مر گیا اور اس کے بیٹوں میں سے بربر بن کسلاجیم بھی تھا۔ پس مغرب میں اس کے بیٹوں کی اولاد ہوئی اور وہ کہتا ہے کہ جب بربر مارب' شام اور مصر سے نکلے تو مغرب کے دو یمنی قبیلے ان کے ساتھ آ ملے اور وہ کہتا ہے کہ ہوارہ، لمطہ، زنارہ اور لواتہ حمیر بن سبا کے بیٹے تھے اور ہانی بن بکور الضریسی اور سابق بن سلیمان مطماطی اور کہلان بن ابی لوا اور ایوب بن ابی یزید وغیرہ بربر کے نسابوں میں کہتے ہیں کہ بربر کے دو قبیلے ہیں جیسا کہ ہم پہلے بیان کر آئے ہیں اور وہ یہ ہیں

البرانس اور البتر۔ جو بربر بن قیس بن عیلان کی اولاد سے ہیں اور البرانس بربر کو جو ابزج بن جمواح بن دلیل بن شراط بن تام بن دویم بن دام بن مازیغ بن کنعان بن حام کے بیٹے ہیں۔ اور یہی وہ قول ہے جس پر بربر کے نسابین اعتماد کرتے ہیں اور طبری کہتا ہے کہ بربر بن قیس بربری قبائل میں اپنی گمشدہ لونڈی کا اعلان کرتا نکلا اس کے ساتھ اس نے شادی کی اور اس کے ہاں اولاد ہوئی اور بربر کے دوسرے نسابوں کے نزدیک وہ اپنے بھائی عمرو بن قیس سے بھاگ کر وہاں چلا گیا اس بارے میں جزء کی بیٹی تماضر کہتی ہے۔

"دور ہونے والے اپنے بھائی پر رونے جیسے میں بربر بن قیس پر روئی کہ جس نے اپنے خاندان کا بوجھ اٹھایا تھا اور اس کی ملاقات کے بغیر وقت آخر ہو گئے ہیں"۔ اور تماضر کی طرف یہ اشعار بھی منسوب کئے گئے ہیں:

"اور بربر نے ہمارے ملک سے دور گھر بنایا اور جہاں کا اس نے ارادہ کیا وہیں چلا گیا۔ بربر پر بھی ہمیں بکنے یعنی نے بوجھ اٹھایا۔ حالانکہ بربر ہمارے میں منتظمین تھے۔ گویا میں اور بربر اپنے گھوڑوں کے ساتھ نجد میں قیس کے ٹھہرے اور نہ ہی ہم نے لوٹ اور غنیمت کا مال تقسیم کیا ہے"۔

اور نسابۂ بربر نے عبیدہ بن قیس عقیلی کے یہ اشعار بھی پڑھے ہیں

"اے وہ شخص جو فرق میں ہمارے درمیان سعی کر رہا ہے۔ ٹھہر جا اللہ تعالیٰ تجھے راستوں کی طرف تیری راہنمائی کرنے میں تم ہمارا کہتا ہوں کہ ہم اور بربری مرتے دم تک بھائی ہیں اور یہ ہمارا اصل جد بڑا کریم ہے اور قیس بن عیلان دنیا میں ہمارا اور ان کا باپ ہے اور جنگ میں وہ جنگ باز کی پیاس کو بجھاتا ہے لیکن ہم دونوں کینہ دشمنوں کے لئے الرخم مضبوط رکن اور بھائی ہیں اور جب تک لوگ باقی ہیں بربر ان کا مددگار ہے اور ہمارے لئے ایک مضبوط سہارا ہے اور وہ دشمنوں کے لئے سرخ نیزے اور تلواریں تیار کرتا ہے۔ جو جنگ کے روز گھوڑیوں کو تیز دوڑاتا ہے اور بربر بن قیس عقیلی قبیلہ عیلان فروع میں بھی اس کا حسب نسب ہے اور قیس ہر ملک میں دین کا قوام ہے اور نسب کے حقائق کے وقت معد کا بہترین آدمی ہے اور قیس کو وہ بزرگی حاصل ہے جس کی وجہ سے اس کی عزت اونچی باقی ہے اور قیس کے پاس تیز دھار تلوار ہے"۔

اور اسی طرح یزید بن خالد نے بربریوں کی مدح میں جو اشعار کہے ہیں وہ بھی پڑھے جاتے ہیں "اے وہ شخص جو ہم سے ہمارے اصل کے متعلق پوچھتا ہے قیس عیلان پہلے طاقتور آدمی کے بیٹے ہیں ہم طاقتور بربر کے بیٹے ہیں جس نے بزرگی کو پہچانا اور بزرگی میں داخل ہوا اور اس نے بزرگی کی بنیاد رکھی اور اس کے چچا زاد نے آگ دی اور وہ ہر بڑی مصیبت

پس ہمیں کافی ہو گیا اور قیس بربر ہے اور بربر قیس سے عزت حاصل کرتا ہے اور ہمیں قیس پر فخر ہے کہ وہ ہمارا جدِ اکبر ہے اور نیزوں کو کھولنے والا ہے اور قیس عیلان حق کی کان اور بھلائی کی طرف راہنمائی کرنے والا ہے۔ میری قوم بربر کے لئے یہی بات کافی ہے کہ اس نے نیزوں کی انیوں سے زمین پر قبضہ کر لیا اور ہم تلواروں کو اس شخص کی کھوپڑی پر مارتے ہیں۔ جو حق سے رکتا ہے۔ میری طرف سے بربر کو یہ مدح پہنچا دو۔ جو جواہرات سے بنائی گئی ہے"۔

البکری وغیرہ نے روایت کی ہے کہ بربریوں کے نسابوں کے نزدیک مضر کے دو لڑکے تھے الیاس اور عیلان جن کی ماں رباب بنت حیدہ بن عمرو بن معد بن عدنان تھی پس عیلان بن مضر کے ہاں قیس اور دھمان پیدا ہوئے اور دھمان کی اولاد بہت قلیل ہے اور وہ قیس کے اہل بیت سے ہیں جنہیں بنو امامہ کہا جاتا ہے اور ان کی ایک بیٹی تھی۔ جس کا نام بہا بنت دھمان تھا اور قیس بن عیلان کے چار بیٹے تھے۔ سعد اور عمرو ان کی ماں کا نام مزنہ بنت اسد بن ربیعہ بن نزار تھا اور بر اور شماس کی والدہ تمزیغ بنت مجدل بن عمار بن مصمود تھی اور ان دنوں بربر کے قبائل شام میں رہتے تھے اور مساکن میں عربوں سے ہمسائیگی رکھتے تھے اور ان کے پانیوں اور چراگاہوں میں شریک ہوتے تھے اور ان سے رشتہ داری کرتے تھے۔ پس بر بن قیس نے اپنے چچا کی بیٹی بہا بنت دھمان سے شادی کی اور اس کے بارے میں بھائیوں میں اس سے حسد کیا اور اس کی ماں تمزیغ عقلمند عورتوں میں سے تھی اور اسے اس کے متعلق ان سے خوف محسوس ہوا تو اس نے خفیہ طور پر اس کے ماموؤں کو اطلاع دی اور ان کے ساتھ اپنے بیٹے اور اس کی بیوی کے ساتھ بربر کے علاقے کی طرف کوچ کر گئی۔ اس وقت وہ فلسطین اور اکناف شام میں رہائش پذیر تھے۔ پس البہا نے بر بن قیس کے لئے دو بیٹوں علوان اور مادغیس کو جنم دیا اور علوان چھوٹی عمر میں ہی فوت ہو گیا اور مادغیس زندہ رہا اور اس کا لقب ابتر تھا اور وہ بربریوں میں سے ابتر کا باپ ہے اور تمام زناتہ اس کی اولاد میں سے ہیں۔ مورخین بیان کرتے ہیں کہ مادغیس الابتر نے بامال بنت واطیس بن محمد بن مجدل بن عمار سے شادی کی تو اس نے زحیک بن مادغیس کو جنم دیا اور ابو عمر بن عبدالبر کتاب التمہید فی الانساب میں بیان کرتا ہے کہ لوگوں نے بربر کے انساب کے متعلق بہت اختلاف کیا ہے اور ان کے متعلق جو باتیں بیان کی گئی ہیں۔ ان میں سے درست بات یہ ہے کہ وہ قبط بن حام کی اولاد میں سے ہیں۔ جب وہ مصر میں اترا تو اس کا بیٹا مغرب کی طرف چلا گیا پس وہ مصر کے مضافات سے آگے جا ٹھہرے اور برقہ سے بحر اخضر تک ہے اور بحر اندلس کے ساتھ ریگستان کے ختم ہونے تک یہ سوادان سے جا ملتے ہیں اور ان میں سے لواتہ سرزمین طرابلس میں رہتے ہیں۔ اور اس کے قریب ہی نفوسہ اترے پھر راستے طرابلس میں رہتے ہیں۔ اور اس کے قریب ہی نفوسہ اترے پڑے پھر راستے ہائکس قیروان اور اس کے ورے تاہرت سے طنجہ اور سجلماسہ سے سوس اقصیٰ تک لے آئے اور وہ صنہاجہ، کتامہ، دکالہ، رکالہ، و فطواکہ اور مرطہ کے قبائل تھے اور بعض مورخین نے بیان کیا ہے کہ شیطان نے بنی حام اور بنی سام کے درمیان اختلاف پیدا کر دیا اور ان کے درمیان جنگیں ہوئیں جن میں سام اور اس کے بیٹوں کو شکست ہوئی اور حام مغرب کی طرف چلا گیا اور مصر آیا اور اس کے بیٹے منتشر ہو گئے اور وہ سیدھا مغرب کی طرف چلا گیا۔ یہاں تک کہ سوس اقصیٰ میں پہنچ گیا اور اس کے بیٹے اس کی تلاش میں اس کے پیچھے چلے گئے اور اس کے بیٹوں کا ہر طائفہ ایک جگہ پہنچا اور وہ اس کے حالات سے بے خبر ہو گئے اور وہ اس جگہ پر اقامت پذیر ہو گئے اور اس میں نشوونما پائی اور ایک طائفہ ان کے پاس پہنچ کر ان

کے ساتھ ٹھہر گیا اور وہ بھی وہاں چلا گیا۔ اور امام بن عمر البکری کے بیان کے مطابق ۴۴۲ سال تھی اور دوسرے کہتے ہیں کہ اس کی عمر ۵۱۲۱ سال تھی اور ذہلی کہتا ہے۔ لیکن عرب بن قحطان سے تجزیہ کہتا ہے کہ اسی نے سام کو توابن یقطن کی اولاد میں سے جدی کے بعد مغرب کی طرف جلاوطن کیا تھا۔ بربر کے انساب کے متعلق بڑا اختلاف ہے۔

اس بات کو اچھی طرح ذہن نشین کر لیجئے کہ یہ تمام مذاہب مرجوح اور حق و صواب سے دور ہیں اور یہ قول کہ وہ ابراہیم علیہ السلام کی اولاد سے ہیں۔ حقیقت سے بہت دور ہے کیونکہ داؤد علیہ السلام نے جالوت کو قتل کیا ہے اور بربر جالوت کے معاصر ہیں اور اس کے اور حضرت اسحاق بن ابراہیم علیہ السلام کے درمیان جو قحطان کے بھائی ہیں۔ وہ بات نہیں پائی جاتی جو ان کے خیال میں ہے بلکہ دس آبا پائے جاتے ہیں۔ جن کا ذکر ہم نے کتاب کے شروع میں کیا ہے اور ان کے درمیان نسل کا اس طرح پھیلنا اور بڑھنا بھی بعید بات ہے اور یہ قول کہ وہ جالوت بن کالتن کی اولاد ہیں اور دیار شام سے آ کر یہاں منتقل ہو گئے ہیں ایک ساقط قول ہے بلکہ یہ ایک بے ہودہ بات ہے کیونکہ اس جیسی قوم جو امم و عوالم پر مشتمل ہو اور جس نے زمین کی اطراف کو گھیر رکھا ہو۔ کسی دوسری جگہ اور محصور مقام سے نہیں آ سکتی اور بربری اپنے طور، طریق سے معروف ہیں اور ان کے اقالیم اسلام سے طویل مدت پہلے اپنے شعار سے مخصوص ہیں۔ پس کون سی چیز ہمیں ان کی اولیت کے بارے میں ان بے ہودہ اور باطل باتوں کا محتاج بنا سکتی ہے اور اسی طرح تم عرب و عجم کی ہر قوم کے متعلق ایسی باتوں کا محتاج ہونا پڑے گا اور افریقش جس کے متعلق مؤرخین کا خیال ہے کہ وہ انہیں یہاں لایا ہے۔ انہوں نے خود بیان کیا ہے کہ اس نے انہیں یہاں موجود پایا اور وہ اس کی کثرت اور رنگ سے متعجب ہوا اور اس نے کہا کہ تمہارا شور کس قدر زیادہ ہے۔ پس وہ ان کو یہاں لانے والا کیسے ہو سکتا ہے اور اس کے اور داؤد کے درمیان کوئی ایسی مدت نہیں جس میں اس طرح بڑھے ہوں گے اور یہ قول کہ وہ حمیر میں سے ہیں۔ جو نعمان کی اولاد میں سے ہیں یا مضر میں سے ہیں یا قیس بن عیلان کی اولاد میں سے ہے جو ایک جھوٹی بات ہے اور نسابوں کے امام ابو محمد ابن حزم نے باطل قرار دیا ہے اور کتاب الجمہرۃ میں بیان کیا ہے کہ بربر کے بعض قبائل نے ادعا کیا ہے کہ وہ یمن اور حمیر سے ہیں اور بعض بربر بن قیس کی طرف منسوب ہوتے ہیں۔ بلاشبہ یہ تمام باتیں جھوٹی ہیں۔ اور نسابوں نے قیس بن عیلان کے بیٹے بر کے نام کو سمجھا ہی نہیں اور حمیر کے لئے بلاد بربر کی طرف جانے کا کوئی راستہ ہی نہیں۔ یہ سب مؤرخین یمن کے جھوٹ ہیں اور ابن قتیبہ نے جو یہ کہا ہے کہ یہ جالوت کی اولاد میں سے ہیں اور جالوت قیس بن عیلان کی اولاد میں سے ہے یہ بھی حقیقت سے دور بات ہے کیونکہ قیس بن عیلان معد کی اولاد میں سے ہے اور ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ معد بخت نصر کا معاصر تھا اور جب بخت نصر عرب پر مسلط ہو گیا تو ارمیا نبی اس کے بارے میں بخت نصر سے خوف محسوس کرتے ہوئے اسے شام لے گئے اور بخت نصر وہ ہے جس نے بیت المقدس کو حضرت داؤد اور حضرت سلیمان کے تعمیر کرنے کے ۴۵۰ سال بعد تباہ و برباد کر دیا تھا اور معد بھی حضرت داؤد کے بعد اتنی مدت میں ہو سکتا ہے پس اس کا بیٹا قیس جالوت کا باپ کیسے ہو سکتا ہے۔ جو داؤد کا معاصر تھا یہ حقیقت سے بہت بعید بات ہے اور خیال میں یہ ابن قتیبہ کی غفلت اور وہم ہے اور حق وہ ہے جو ان کے بارے میں کسی اور چیز پر بھروسہ نہیں کرتا اور یہ کنعان بن حام بن نوح کی اولاد میں سے ہیں۔ جیسا کہ پہلے تخلیقات کے انساب میں بیان ہو چکا ہے اور ان کے دادا کا نام مازیغ ہے اور ان کے بھائی اریکیش اور

فلسطین ہیں اور ان کے بھائی بنو کسلوحیم بن مصرایم بن حام ہیں اور ان کا بادشاہ جالوت مشہور علامت رکھتا ہے۔ اور ان فلسطینیوں اور بنو اسرائیل کے درمیان شام میں قابل ذکر جنگیں ہوئیں اور بنو کنعان اور اگریکش فلسطین کے پیروکار تھے۔ پس تیرے وہم میں اس کے سوا اور کوئی بات نہ آئے اور یہی بات درست اور صحیح ہے جس سے انحراف نہیں کیا جا سکتا اور عرب نسابین کے درمیان اس بارے میں کوئی اختلاف نہیں پایا جاتا کہ بربر کے جن قبائل کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں سوائے صنہاجہ اور کتامہ کے سب بربر ہی میں سے ہیں اور عرب نسابوں کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے اور مشہور یہ ہے کہ وہ یمنیوں میں سے ہیں۔ اور جب افریقش نے افریقہ سے جنگ کی تو ان کو یہاں اتار دیا اور بربر کے نساب اپنے بعض قبائل کے متعلق خیال کرتے ہیں کہ وہ لواتہ کی طرح عربوں میں سے ہیں ان کا خیال ہے کہ وہ حمیر میں سے ہیں اور ہوارہ کے متعلق ان کا خیال ہے کہ وہ سکاسک کے کندہ میں سے ہے اور زناتہ جیسوں کے متعلق ان کا خیال ہے کہ وہ عمالقہ میں سے ہیں جن انہوں انہیں بنی اسرائیل سے آگے دیکھا اور بعض وقت وہ ان کے متعلق خیال کرتے ہیں کہ وہ تبابعہ کے بقایا لوگوں میں سے ہیں۔ اور غمارہ زواوہ اور مکلاتہ کے متعلق بھی کہ تمام نسابوں کا خیال ہے کہ وہ حمیر میں سے ہیں۔ جیسا کہ ہم ان کا تذکرہ ان کے قبائل کی تفصیل کے وقت کریں گے مگر یہ سب غیر ثقہ باتیں ہیں اور حق بات وہ ہے جس کی گواہی مواطن اور گونگے پن نے دی ہے کہ وہ عربوں سے الگ ہیں ہاں اہل عرب کے نساب اور صنہاجہ اور کتامہ کے متعلق خیال کرتے ہیں کہ وہ عرب ہیں اور میرے نزدیک یہ ان کے بھائیوں میں سے ہیں۔ واللہ اعلم

اب ہم ان کے انساب اور اولیت کے متعلق آخر میں بحث کر چکے ہیں۔ پس ہم ان قبائل کی تفصیل اور ایک قوم کے بعد دوسری قوم کے ذکر کی طرف رجوع کرتے ہیں اور انہی کے ذکر پر اکتفا کرتے ہیں جنہیں حکومت یا شہرت حاصل تھی۔ یا عام طور پر ان کی نسل پھیلی ہوئی ہے اس لیے ہم بتر سے قبل برانس اور زمرہ میں شمار کیا گیا اور ہم پہلے ان کے حالات کو بیان کریں گے جیسا کہ ہم تک ان کے حالات پہنچے ہیں اور ہم ان کا احاطہ کریں گے۔ واللہ المستعان۔

باب: ۱۲

بربر افریقہ اور مغرب میں

افریقہ اور مغرب میں بربریوں کے مواطن کے متعلق

[illegible] فصل 1

اس بات کو سمجھ لیجئے کہ مغرب کا لفظ اپنی اصل وضع کے لحاظ سے اسم اضافی ہے۔ جو کسی جگہ پر دلالت کرتا ہے جو اس کے مشرق کی طرف اضافت کرنے سے معلوم ہو اور مشرق وہ ہے جو مغرب کی طرف اضافت کرنے سے معلوم ہو اور کیونکہ عرف اہل اسامہ کو معین جہات اور مخصوص علاقوں سے مخصوص کرتا ہے اور اہل جغرافیہ کی توجہ زمین کی ہیئت اور اس کے اقالیم کی تقسیم اور اس کی آبادی و خرابی اور اس کے پہاڑوں اور سمندروں، دریاؤں اور اس کے اہل کے مساکن کی طرف ہوتی ہے۔ جیسے بطلیموس اور روجر اور صاحب صقلیہ جس کی طرف اس عہد کی مشہور کتاب جو زمین اور ممالک کی ہیئت کے متعلق ہے منسوب ہے۔

مغرب ایک جانب ہے جو جوانب کے درمیان ممیز ہے۔ پس مغرب کی جہت سے اس کی حد بحر محیط ہے جو پانی کا عنصر ہے اور اس کا نام زمین کے مختلف علاقوں کے احاطہ کی وجہ سے محیط ہے جیسا کہ ہم کتاب کے شروع میں بیان کر چکے ہیں اور اسی طرح اس کو زیادہ سبز رنگ ہونے کی وجہ سے بحر اخضر بھی کہتے ہیں نیز اس کو ظلمات بھی کہتے ہیں۔ کیونکہ زمین پر سورج سے منعکس ہونے والی شعاعوں کی روشنی اس میں کم ہو جاتی ہے۔ کیونکہ یہ زمین سے دور ہے۔ پس یہ ظلمت والا ہو جاتا ہے اور روشنی کے فقدان کی وجہ سے وہ حرارت کم ہو جاتی ہے جو بخارات کو تحلیل کرتی ہے۔ پس بادل ہمیشہ اس کی سطح پر بہت اور گہرے ہوتے ہیں اور عجمی اسے بحر اوقیانوس کا نام دیتے ہیں اور اغلب یہ ہے کہ وہ اس سے وہی مراد لیتے ہیں جو ہم عنصر سے لیتے ہیں اور رومی اسے بحر بنطس بھی کہتے ہیں اور یہ ایک ناپید کنار سمندر ہے جس میں کشتیاں ہوا کے راستوں اور ان کی نہایت کا علم نہ ہونے کی وجہ سے ساحلوں سے حد نظر سے دور نہیں جا سکتیں اور محدود سمندروں میں کشتیاں لوگوں کے کثرت تجارب کی وجہ سے معروف ہوا کے ساتھ چلتی ہیں۔ پس ہوا اپنی جگہوں سے چلتی ہے اور اس کے چلنے کی جگہ کی حد اس کی سمت میں ہوتی ہے پس ہر ہوا کی حد ان کے نزدیک معروف ہے اور اسے معلوم ہو جاتا ہے کہ ہوا کے ساتھ اس کا چلنا

فارس تک سے ہوگا اور اپنے مقصود جہت کے مطابق وہ ایک کنارے سے دوسرے ساحل کی طرف چلا جائے گا اور یہ بہت بڑے سمندروں میں معلوم ہوتی ہے۔ پس جب کشتیاں اس میں چلتی ہیں تو بھول جاتی ہیں اور غرق ہو جاتی ہیں اس لئے اس کا سوار دھوکے اور خطرے میں ہوتا ہے اور یہ مغرب کی طرف سے قریب کی حد بحر محیط ہے جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں۔ اس پر بہت سے شہر ہیں جیسے طنجہ سلا اور ازمور اور انفی اور آسفی اور رباط ماسہ مسجد ماسہ اور تاگا کا شہر اور یہ سوس کے شہر ہیں اور نول ہیں اور یہ سب بحر کے سواحل اور اس کے مضافات ہیں۔ اور جہاز ساحل کے پیچھے سے ساحل نول تک پہنچ جاتے ہیں اور اس سے خطرے کے سبب آگے نہیں بڑھتے جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں اور شرق کی طرف سے اس کی حد بحر روم ہے اور اس سے بحر محیط متفرع ہوتا ہے۔ جو بلاد مغرب کے طنجہ اور اندلس کے شہر طریف کے درمیان ایک تنگ خلیج میں چلتا ہے جسے زقاق کہتے ہیں جس کی چوڑائی آٹھ میل سے بارہ میل ہے اور اس پر ایک پل بنا ہوا ہے۔ جس پر سمندر کا پانی چڑھ جاتا ہے۔ پھر یہ بحر روم مشرق کی سمت میں چلا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ سواحل شام اور اس کی سرحدوں اور افرنگیوں اور افریقیہ اور طرسوس اور المصیصہ اور طرابلس اور صور اور اسکندریہ تک پہنچ جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسے بحر شام بھی کہتے ہیں اور جب وہ خلیج سے نکلتا ہے تو چوڑائی میں پھیلتا جاتا ہے اور اس کی زیادہ وسعت شمال کی جہت میں ہوتی ہے اور اس کی وسعت شمال کی طرف مسلسل بڑھتی چلی جاتی ہے۔ یہاں تک کہ دو ہزار میل غایت تک پہنچ جاتی ہے اور کہتے ہیں کہ اس کا طول پانچ ہزار یا چھ ہزار میل ہے۔ جس میں جزیرہ میورقہ یا جزیرہ صقلیہ ، اقریطش ، سردانیہ اور قبرص کے جزائر پائے جاتے ہیں۔ اور جنوب کی طرف اس کی چوڑائی کا یہ حال ہے کہ وہ ایک سمت سے نکلتا ہے اور پھر چلتے چلتے مختلف ہو جاتا ہے۔ کبھی جنوب میں دور تک چلا جاتا ہے اور کبھی شمال کی طرف لوٹ آتا ہے اور یہ بات ساحلی ممالک کی عرض بلد میں منتقل ہو جاتی ہے وہ اس طرح ہوتا ہے کہ عرض بلد اس کے قطب شمالی کی اس بلندی کو کہتے ہیں۔ جو اس کے افق پر ہوتی ہے اور یہ اس کے سمت راس کا نام ہے۔ جو اس کے اہل کے سروں کی سمت اور دائرہ معدل النہار کے درمیان ہوتا ہے اور اس کا سبب یہ ہے کہ زمین کروی شکل کی ہے اور آسمان بھی اس کے اوپر اسی طرح ہے اور افق بلد وہ فرق ہے جو زمین و آسمان میں سے ہے اور ان دونوں چیزوں کے درمیان پایا جاتا ہے اور قطب دو قطبوں والا ہے اور جب ان میں سے ایک پہاڑی اوپر بلند ہوتا ہے تو دوسرا اتنا ہی اس سے نیچے ہو جاتا ہے اور زمین کی آبادی زیادہ تر شمال میں ہے اور جنوب میں کوئی آبادی نہیں جیسا کہ اس کا مقام پر اسے بیان کیا جا چکا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قطب جنوبی کے مقابلہ میں قطب شمالی آبادی والوں کے اوپر ہے۔ اور گول چیز کی سطح پر چلنے والا جب ایک جہت میں دور چلا جاتا ہے تو اس چیز کی سطح اس کے سامنے آ جاتی ہے۔ اور جب تک اس سے بالمقابل آسمان کی سطح کا ہے تو افق پر قطب کی بلندی کا اضافہ ہو جاتا ہے۔ جیسے وہ شمال میں دور ہوتا ہے اور جب جنوب کی طرف لوٹتا ہے تو وہ کم ہو جاتا ہے۔ پس ممالک جغرافیہ جو سمندر اور خلیج کی آ... سے پیوستہ ہیں ان کا عرض بھی اس کے مطابق ہوتا ہے۔ پھر سمندر جنوب کی طرف بڑھتا ہے تو تلمسان کا عرض بن جاتا ہے۔ پس وہ جنوب میں جاتا ہے تو پھر ان کا عرض بنتا ہے جو فاس سے تھوڑا دور ہے۔ کیونکہ فاس کا عرض (لج) ہے اور یہی وجہ ہے کہ مغرب اقصیٰ میں آبادی شمال میں مغرب اوسط کی آبادی سے طنجہ اور فاس کے درمیان سے زیادہ چوڑی ہے اور یہ قطر بحر روم کے جنوب کی طرف مڑنے کی وجہ سے سمندروں کے درمیان تنگ ہو گئی

طرح ہے پھر وہران کے بعد سمندر اپنی سمت سے مڑ جاتا ہے اور یہ تونس اور الجزائر کا عرض بن جاتا ہے۔ جو خلیج زقاق سے ملنے کے وقت اس کی سمت اسی کے مطابق ہوتا ہے۔ پھر یہ شمال میں بڑھتا ہے۔ تو بجایہ اور تونس کا عرض بن جاتا ہے۔ جو خرائط مریا اور المقری سمت کی شکل ہوتا ہے۔ پھر وہ جنوب کی طرف لوٹتا ہے۔ تو طرابلس اور قابس کا عرض بن جاتا ہے جو سمیہ اور طبنی کی سمت اول کے مطابق ہوتا ہے۔ پھر یہ جنوب کی طرف بڑھتا ہے۔ تو تونس اور توزر کی شکل برقہ کا عرض بن جاتا ہے۔ پس وہ اسکندریہ کا عرض بن جاتا ہے تو وہ مراکش اور انطاکیہ کی شکل نہیں ہوتا۔ پھر وہ شمال میں انطاکیہ کی طرف سواحل شام میں اپنی سمت کے مطابق کی طرف جاتا ہے اور اسی طرح اس کے مشرقی کنارے تک اس کا اختلاف ہوتا ہے اور ہمیں شرقی کنارے تک اس کے حال کے متعلق علم حاصل نہیں اور وہ اس کے ساتھ ہی سمندر کا عرض سمت ہیکل تک بڑھ جاتا ہے یا اسی طرح سواحل افریقیہ دو متوں کے درمیان ہوتا ہے جو تقانی کنارہ میں ہیں۔ ان میں مغرب اقصیٰ اور جنوب اور سواحل شہر خلیج کے قریب ہیں اور سب کے سب طنجہ سبتہ بادیس عسہ سمثنیں وہران الجزائر بجایہ بونہ تونس سوسہ مہدیہ صفاقس قابس طرابلس سواحل برقہ اور اسکندریہ کی سرحد ان کے اوپر واقع ہیں۔ یہ اس بحر روم کا بیان ہے جو شمال کی طرف سے مغرب کی حد ہے اور قبلہ اور جنوب کی جہت کی طرف سے اس کی حد وہ بحر ہے اور جھکے ہوئے پہاڑ ہیں جو بلاد سوڈان اور بلاد بربر کے درمیان روک ہیں اور عراق کے عرب خانہ بدوش صحرائی لوگوں کی وطنیت کا ذریعہ ہیں اور یہ ریت جنوب کی جہت سے مغرب پر ایک دیوار ہے جو بحر محیط سے شروع ہوتی ہے اور مشرق کی جہت میں ایک ہی سمت سے چلی جاتی ہے یہاں تک کہ اس سے نیل آ ملتا ہے جو جنوب سے مصر کی طرف جاتا ہے وہاں پر یہ ریگ زار ختم ہو جاتی ہے اور اس کا عرض تین دن کی مسافت یا اس سے زیادہ ہوتا ہے اور مغرب اوسط کی جہت میں اسے پتھریلی زمین آ ملتی ہے جسے عرب الحمادہ کہتے ہیں جو وہ قرت بلاد ریغ اور اس کے درے جنوب کی جہت میں چلی جاتی ہے اور بعض بالائی جزیرے بھی جو کھجوروں اور نہروں والے ہیں۔ بلاد مغرب میں شمار ہوتے ہیں۔ جیسے مغرب اقصیٰ کے سامنے بلاد بودہ اور تمنطیت اور مغرب اوسط میں تنزیدیت اور تیکورارین اور خرد وہاں کے سامنے غدامس فزان اور ودان۔ ان میں سے ہر ایک اقلیم آباد ہے اور ملک پر مشتمل ہے۔ جو بستیوں اور کھجوروں اور نہروں والے ہیں جن میں سے ہر ایک کی تعداد سو تک پہنچتی ہے۔ پس عرب کی ریت عراق سے جنوبی کنارے کی طرف بکثرت چلے گئے۔ جو بعض سالوں میں صنہاجہ کے شامیوں کے میدانوں میں پہنچتے ہیں اور شمالی کنارے میں مغرب کے سفر کرنے والے جنگلی اعراب کے میدان ہیں اور ان سے قبل یہ بربر کے میدان تھے۔ جیسا کہ ہم اس کے بعد جنوب کی جہت سے مغرب کی حد بیان کریں گے اور اس ریت کے علاوہ مغرب پر ایک اور دیوار بھی ہے جو کول کے قریب ہے اور یہ وہ پہاڑ ہیں جو ان کول کی سرحدیں ہیں۔ جو بحر محیط کے پاس سے برنیق تک چلے جاتے ہیں جو بلاد برقہ میں سے ہے وہاں یہ پہاڑ ختم ہو جاتے ہیں اور مغرب سے ان کی ابتداء جبال درن سے ہوتی ہے اور ان پہاڑوں کے درمیان جو کول اور ریت کے درمیان واقع ہے کھجوریں ہوتی ہیں۔ میدان ہیں میں جن کی اکثر پیداوار درخت ہیں اور کول کے نزدیک بلاد الجرید میں جہاں کھجوریں اور نہریں پائی جاتی ہیں اور ارض سوس میں مراکش کے سامنے ترودانت اور قوباں کی بستیاں اور دیگر کھجوروں نہروں اور کھیتوں والے متعدد بلاد شہر پائے جاتے ہیں۔ اور اس کی جانب تلمسان اور اس کی بستیاں اور درعہ کی مشہور بستی پائی جاتی ہے اور تلمسان کی جانب کھجوروں اور نہروں

والے متعدد محلات پائے جاتے ہیں اور تاہرت کی جانب بھی ایسے ہی محلات پائے جاتے ہیں اور اسی طرح مشرق سے مغرب تک آگے پیچھے شہر پائے جاتے ہیں۔ ان سب کے زیادہ قریب جبل راشد ہے۔ جو کھجوروں اور شہروں والے ہیں پھر بجایہ کی جانب وارکلی کا شہر ہے یہ کھجور کا واحد آباد شہر ہے۔ جس میں بہت کھجوریں پائی جاتی ہیں اور اسی کی سمت میں طول کی بلاد ریغ کے تین سے زائد شہر ہیں۔ جو اس وادی کے کناروں پر ترتیب کے ساتھ چلے جاتے ہیں جو مغرب سے مشرق کی طرف جاتی ہے اور ان سب شہروں میں کھجوریں، نہریں، بستیاں اور کھیتیاں پائی جاتی ہیں۔ پھر تونس کی جانب بلاد الجرید ہیں۔ جو نفطہ، توزر اور قفصہ ہیں اور بلاد نفزہ کو بلاد قسطیلہ کہتے ہیں۔ جو بہت آباد اور متمدن ہیں اور نہروں اور کھجوروں پر مشتمل ہیں پھر سوسہ کی جانب قابس ہے۔ جو سمندر کے کنارے افریقہ کے بڑے بڑے شہروں میں سے ہے اور یہ ابن غانیہ کا دارالخلافہ تھا۔ جیسا کہ ہم بعد میں اس کا ذکر کریں گے۔ یہ بھی شہروں، کھجوروں اور کھیتوں پر مشتمل ہے پھر طرابلس کی جانب فزان اور ودان میں متعدد شہروں اور کھجوروں والے محلات ہیں اور ارض افریقہ میں یہ سب سے پہلا شہر ہے جسے مسلمانوں نے اس وقت فتح کیا۔ جب حضرت عمر بن الخطاب اور حضرت عمرو بن العاص نے ان سے جنگ کی۔ پھر برقہ کی جانب واحات ہیں۔ جن کا ذکر مسعودی نے اپنی کتاب میں کیا ہے۔ اور جنوب کی جہت میں ان کے ماوراء جنگلات اور ریگستان ہیں۔ جہاں نہ کھیتی ہوتی ہے نہ چراگاہ۔ یہاں تک کہ یہ اس عرق تک جا پہنچتے ہیں۔ جس کا ہم نے ذکر کیا ہے اور اس کے پرے ملثمین کے میدان ہیں جیسا کہ ہم نے بیان کیا ہے کہ یہ دس دن تک پیاس لگانے والے جنگلات ہیں اور ان بلاد اور ان پہاڑوں کے درمیان جو تلول کی دیوار میں تلول اور حرارہ میدان پائے جاتے ہیں۔ جن کا مزاج ہوا، پانی اور پیداوار کے لحاظ سے کبھی تلول کا اور کبھی صحرا کا سا ہوتا ہے اور ان شہروں میں قیروان بھی ہے اور جبل اوراس ان کے وسط میں حائل ہے اور بلاد حضنہ ہیں۔ جہاں مغرب اور افریقہ کے درمیان طبنہ واقع ہے اور اس میں مقرہ اور مسیلہ ہیں اور ان میں السرا ہے اور تلمسان کی جانب جہاں تاہرت ہے اس میں جبل دیر ہے اور فاس کی جانب ان میدانوں میں حائل ہے۔ یہ قبلہ اور جنوب کی جانب سے مغرب کی حد ہے اور مشرق کی جہت اصطلاحات کے اختلاف کی وجہ سے مختلف ہے۔ اہل جغرافیہ کے عرف میں وہ بحر قلزم کا سمندر ہے جو بحر یمن سے نکلتا ہے اور شمال کی سمت اور بانحراف کی طرف جاتا ہے اور مغرب کی طرف چلتا چلتا قلزم اور سویز پر جا ختم ہوتا ہے اور وہاں سے ان کے اور بحر روم کی سمت کے درمیان دو دن کے سفر کا فاصلہ باقی رہ جاتا ہے اور سویز اور قلزم اور اس کے بعد مصر سے مشرق کی جانب تین روز کے فاصلہ پر ختم ہو جاتا ہے۔ یہاں کا نزدیک مغرب کا آخر ہے اور اس میں برقہ اور مصر کے علاقے بھی شامل ہو جاتے ہیں اور مغرب ان کے نزدیک ایک جزیرہ ہے جسے تین طرف سے سمندروں نے گھیر رکھا ہے جیسا کہ آپ اسے دیکھ رہے ہیں اور اس عہد کے اس علاقے کے باشندوں کے عرف کے مطابق اس میں مصر اور برقہ کے علاقے شامل نہیں ہوتے بلکہ یہ صرف طرابلس اور اس کے ماوراء مغرب کی سمت تک مخصوص ہے اور یہی بات قدیم زمانے دیار بربر اور ان کے مواطن کے متعلق تھی اور مغرب اس سے مشرق کی جانب سے وادیٔ میہ سے بحر محیط کے کنارے تک اور مغرب کی جانب سے جبال درن تک ہے۔ جو زیادہ تر بلاد ان اور برغواطہ اور غمارہ کے المصامدہ کے دیار ہیں اور غمارہ کا آخر طنجہ میں ہوتا ہے جو سمندر کے پاس ہے اور ان کے ساتھ صنہاجہ، ملثمہ اور زواوہ وغیرہ کے لوگ ہیں۔ جسے بری جانب سے بحر کبیر

اور شمالی جانب سے بحر روم اور درن جیسے بلند پہاڑ اور مشرق کی جانب سے جبال تازا گھیرے ہوئے ہیں۔ کیونکہ سمندروں کو روکنے کے لئے عنایت کے اقتضاء کے مطابق پہاڑ سمندر کے قریب ہوتے ہیں اور جبال مغرب کے اکثر باشندے المصامدہ میں سے ہیں۔ اور بعض انہیں کہتے ہیں کہ صنہاجہ میں سے ہیں۔ اب باقی رہ گئے مغرب میں ہوارہ' تامستا' ہدارہ اور بکامہ کے سوا ان کو انہی عربوں کے ان مسافروں نے آباد کیا ہے جو جشم اور ریاح سے وہاں آتے ہیں اور مغرب کے ایک حصے میں ایسی قومیں رہتی ہیں جنہیں ان کے خالق کے سوا کوئی شمار نہیں کر سکتا اور وہ حصہ ایک جزیرہ نما کی طرح بن گیا ہے جسے پہاڑ اور سمندر گھیرے ہوئے ہیں اور اس کا دار الخلافہ فاس ہے اور اس میں عظیم دریا گزرتا ہے جو وادی ام ربیع کے نام سے مشہور ہے اور وہ اتنا بڑا دریا ہے کہ بارشوں میں اس کی وسعت کی وجہ سے اُسے عبور نہیں کیا جا سکتا اور اس کی مد سمندر تک چلی جاتی ہے اور قریباً ستر میل تک پہنچتی۔ یہ دریا ازمور کے نزدیک بحر کبیر میں جا گرتا ہے اور اس کا منبع جبل درن میں ہے جہاں سے یہ دریا [illegible] ہے جو قبلہ کی طرف چلا جاتا ہے اور درعہ کے کھجوروں والے علاقے سے گزرتا ہے جو کھجور کے پودوں کو اس کے درخت سے نکالنے کی صنعت سے مخصوص ہے اور اس علاقے میں کھجوروں والے نخل ہیں۔ جو دامن کوہ میں بنائے گئے ہیں۔ پھر یہ دریا سوس کی طرف جا کر ریگستان میں داخل ہو جاتا ہے۔

اور دریائے ملویہ مغرب اقصیٰ کے آخر میں ہے اور یہ ایک عظیم دریا ہے۔ جس کا منبع زانزی کے سامنے کے پہاڑوں میں ہے اور یہ غاسہ کے پاس بحر روم میں جا گرتا ہے اور اس کے کنارے دیار مکناسہ ہیں۔ جو قدیم سے ان کے نام سے معروف ہیں اور اس دور میں اس جگہ پر زناتہ کی دیگر قومیں دریا کے بالائی حصے تک کے محلات میں رہتی ہیں اور ان کے پڑوس اور دیگر نواح میں بربر قومیں رہتی ہیں۔ جن میں سب سے مشہور مطالسہ ہیں جو مکناسہ کے بھائی ہیں اور اس درے کے دامنہ سے ایک اور دریا [illegible] ہے۔ جو قبلہ کی طرف چلا جاتا ہے اور عرق کو اس کی سمت سے قطع کرتا ہوا تیزدہ تک پہنچ جاتا ہے اور پھر اس کے بعد تمیطت تک جاتا ہے اور اس دور میں اسے کیر کہتے تھے اور اس پر محلات بھی تھے۔ پھر یہ جنگل میں جا گرتا ہے اور اس کے جنگلوں میں چلا چلا اس کے ریگستان میں گھس جاتا ہے۔

اور بودہ کے مشرق میں جو عرق کے اوپر ہے۔ تسابیت کے صحرائی محل ہیں اور تسابیت کے مشرق میں جنوب تک تیگورارین کے محلات ہیں۔ جو ایک وادی میں تین سو سے زائد ہیں۔ پس یہ وادی مغرب سے مشرق کی طرف چلی جاتی ہے اور اس میں زناتہ کی اقوام آباد ہیں۔ اور مغرب اوسط زیادہ تر زناتہ کا مقام ہے۔ جو مغراوہ اور بنی یفرن کا مقام تھا اور ان کے ساتھ مدیونہ' مغیلہ' کومیہ' مطغرہ اور مطماطہ رہتے تھے۔ پھر ان کے بعد وہ بنی ومانو اور بنی یلومی کا مقام بنا۔ پھر بنی عبدالواد اور توجین کا ٹھکانہ بنا جو بنی مدین سے تھے اور اس عہد میں اس کا دار الخلافہ تلمسان تھا اور مشرق کی جانب سے اس کے پڑوس میں بلاد صنہاجہ میں سے الجزائر متیجہ اور المدیہ اور بجایہ کے آس پاس کے علاقے تھے اور اس عہد کے قریباً سبھی زغبی عربوں میں سے مغلوب تھے اور بنی واطیل کی وادی شلف سے ایک بڑا دریا گزرتا تھا۔ جس کا منبع بلاد صحرا میں جبل راشد میں تھا اور اس عہد میں اس تل میں داخل ہو جاتا ہے اور جو بلاد حصین میں سے ہے۔ پھر وہ مغرب کی طرف چلا جاتا اور اس میں مغرب کی دوسری وادیاں مینا وغیرہ جمع ہو جاتی ہیں۔ یہاں تک کہ وہ مستغانم اور کلیمیتن کے درمیان بحر روم میں جا گرتا ہے اور اس

کے دہانے سے کچھ اوپر جا کر پھوٹتا ہے جو شمالی راستہ سے مشرق کی طرف چلا جاتا اور اقراب سے گزرتا ہوا توزر اور نفزاوہ
کے درمیان شط میں جا گرتا ہے اور اس دریا کا نام وادی [illegible] تھا۔

[illegible] قسطنطینیہ [illegible] تبسہ اور [illegible] کے مقام تھے اور آج کل یہ کھنڈر [illegible] ہیں۔

[illegible] افریقہ [illegible] تک مفتوحہ میدان تھے۔ [illegible] قیروان اور نفوسہ اور جربہ [illegible] آج کل کے
دور تھے اور ان کا دار الخلافہ قیروان تھا اور [illegible] کے عربوں کے [illegible] اور [illegible] والوں کے
ماتحت ہیں۔ [illegible] کی زبان بھول گئے اور عربوں کی زبان [illegible] عربوں کی زبان میں
بولنے لگے [illegible] آباد ہونے لگے اور اس کے بعد ان کا دار الخلافہ تونس تھا [illegible] سے ایک بڑا
دریا گزرتا ہے جو وادی مجردہ کے نام سے مشہور ہے۔ جس میں [illegible] ہو جاتی ہیں اور تونس کے مغرب
سے ایک [illegible] گزرتا ہے [illegible] ہیں اور ان کی حکومت کا
خاتمہ ہو چکا ہے [illegible] کا مقام ہونے کے بعد [illegible] کیا ہے اور خود
[illegible]
[illegible]

باب: ۱۲

بربر اقوام کے فضائل

اس قوم کے قدیم و جدید لوگوں کے ان انسانی فضائل اور شریفانہ خصائص کا تذکرہ جن کی وجہ سے وہ ملک و سلطنت کی بلندیوں تک پہنچے

ہم نے بربر قوم کے حالات، ان کی تعداد اور کثرت قبائل و اقوام اور اس کے علاوہ جو زمانہ اوائل سے بادشاہوں اور حکومتوں کے ساتھ ان کے مقابلوں کا ذکر کیا ہے کہ انہوں نے شام میں بنی اسرائیل کے ساتھ جنگیں کیں۔ پھر وہ یہاں سے نکل کر افریقہ اور مغرب کی طرف چلے گئے۔ نیز انہوں نے سب سے پہلے مسلمانوں کے ہراول دستوں سے جنگ کی پھر وہ ان کے دشمنوں کے خلاف ان کے محسن و مددگار بن گئے اور اسلام سے قبل اور بعد میں بھی اور اس میں انہی کے ہاتھوں کی قوم کو عزت و حکومت حاصل تھی۔ یہاں تک کہ عرب ان پر غالب آ گئے اور کتامہ نے بھی پہلے مسلمانوں کی پیروی کی۔ پھر انہوں نے ان گروہ کو دبا دیا اور انہیں مغرب اقصیٰ کی جانب کنی کر۔ پھر انہوں نے عقبہ بن نافع کے آگے فرمانبرداری کی پھر شام کے ہراول دستے ارض مغرب میں ان پر غالب آ گئے۔

ابن ابی زید کا بیان ہے کہ بربر نے افریقہ میں بارہ دفعہ ارتداد اختیار کیا اور ہر دفعہ مسلمانوں سے جنگ کی اور موسیٰ بن نصیر کے زمانے سے قبل ان کا اسلام لانا ثابت نہیں ہوتا اور بعض کہتے ہیں کہ انہوں نے اس کے بعد اسلام قبول کیا تھا اور انہوں نے صحرا میں جو شہر اور محلات میں جو قلعے اور توات اور تیگورارین اور ریغ اور مصاب اور وارکلا اور بلاد ریغہ اور الزاب اور نفزاوہ اور الحمہ اور قفصہ میں جو محلات بنائے ان کا تذکرہ ہم کر چکے ہیں۔ پھر انہوں نے جنگیں کیں اور فتوحات حاصل کیں اور پانچویں صدی میں افریقہ میں ان کے اور بنی ہلال کے عربوں کے درمیان جنگیں ہوئیں اور انہیں آل حماد کی حکومت

کے ساتھ قصر میں اور لمتونہ کے ساتھ تلمسان اور تاہرت میں جو موالات ہیں [illegible] اور آخر میں بنو یاسین [illegible] ان
کے دشمنوں کی دعوت پھیلا، مغرب میں ان پر غالب آ گئے اور بنی مرین نے عبدالمومن کے قبیلے پر چڑھائی کر دی تھی جو
کا ہم نے ذکر کیا ہے یہ تمام واقعات اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ یہ قوم زمانے پر غالب رہی ہے اور ان سے خوف کھایا جاتا
رہا ہے اور یہ سخت جنگجو اور بکثرت تعداد والی ہے اور اقوام عالم میں سے عربوں اور رومیوں اور یونانیوں اور عجمیوں کی مانند رہی
ہے لیکن جب سے فنا نے آ لیا ہے، حکومت سلطنت کی خوشحالی جو انہیں بار بار ملتی رہی۔ اس نے انہیں محدود کر دیا تو ان کی
جمعیت کم ہو گئی اور قبائل ختم ہو گئے اور وہ حکومتوں کے خادم اور ٹیکس کے غلام بن گئے اور بہت سے لوگوں نے اس وجہ سے ان
کی طرف منسوب ہونے کو برا خیال کیا۔ ورنہ جیسا کہ تم نے [illegible] سے وقت پایا اور ہر کا امیر قبیلہ تھا اور بادشاہ بھی ایسے
ہی تھے۔ یہاں تک کہ ان کے امیر وزمار بن صولات کو قید کر کے مدینہ میں حضرت عثمان بن عفان کے پاس لایا گیا اور اس کے
بعد [illegible] اور ان کے بعد قبائل نے مغرب و مشرق میں حکومتیں قائم کیں [illegible] سے ان کے گھروں میں
داخل ہو گئیں۔

فضائل انسانی: رہا ان کا فضائل انسانی سے آراستہ ہونا اور خصائل حمیدہ میں رغبت کرنا اور اللہ تعالیٰ نے ان کی
فطرت میں جو کریمانہ اخلاق ودیعت کئے تھے وہ اقوام کے درمیان شرف و رفعت کا ذریعہ اور مخلوق سے مدح و ثنا کے حصول کا
ذریعہ تھے جیسے پڑوسی کی عزت کرنا، مہمانوں کی حفاظت کرنا، عہد کا پاس کرنا، سرداری کو قبول رکھنا، اچھے کاموں پر ثابت رہنا،
مصائب میں ثابت قدم رہنا، عیوب سے چشم پوشی کرنا، انتقام سے بچنا، مسکین پر رحم کرنا، بڑوں سے نیکی کرنا، اہل علم کی توقیر
کرنا، لوگوں کا بوجھ اٹھانا، غریب پروری کرنا، مہمان نوازی کرنا، مصائب پر صبر کرنا، بلند ہمت ہونا، ظلم سے انکار کرنا،
حکومتوں اور جمعیتوں سے نبرد آزما ہونا اور دین کی نصرت میں جانوں کا بیچنا، یہ ایسی باتیں ہیں جن کو ان لوگوں نے بعد کے
دکھائے ہیں جنہیں خلف نے سلف سے نقل کیا ہے۔ اگر وہ بھی لکھے ہوتے تو قوموں کے لئے نمونہ ہوتے اور تم سے پہلے یہی
بات کافی ہے کہ وہ ان اوصاف حمیدہ سے متصف تھے اور ان کے لیڈر ان کے باعث سب پر فائق تھے اور [illegible] حالت
میں فوقیت [illegible]۔ ان کے احکام نافذ ہوئے اور طبقہ اولیٰ میں ان کے مشاہیر بلکین بن زیری صنہاجی جو افریقہ میں عبیدیوں کا
نائب تھا اور معز بن زیری اور اس کا بیٹا [illegible] جو عبداللہ شیعی کی دعوت کو قائم کرنے والا اور شاہ لمتونہ یوسف
بن تاشفین اور شیخ المصامدہ عبدالمومن اور صاحب المہدی عبداللہ [illegible] تھے جو طبقہ ثانیہ میں ان کے عظیم [illegible] ان
[illegible] کے درمیان [illegible] کی طرف متوجہ کرنے [illegible] اور مغرب اقصیٰ اور اوسط میں اپنی حکومت کے لئے سعی
کرنے والے تھے۔ یعقوب بن عبدالحق سلطان بنی مرین اور یغمراسن بن زیان سلطان بنی عبدالواد اور محمد بن عبدالقوی
[illegible] اور ثابت بن منديل امیر مغراوہ [illegible] جو بنی راشد کا لیڈر تھا۔
جو اپنے زمانے میں اپنی جماعت [illegible] اپنی قوم کو ان کے مقابلہ [illegible] تیار کرنے کے لئے [illegible]
ان قبائل میں بڑے راسخ اور تجربہ کار تھے [illegible] اور بعد ان کے وہ [illegible] مشہور ہو چکے تھے اور [illegible]
دوسرے [illegible] تحت بشریت [illegible] تک پہنچ چکے تھے۔

اور احکام شریعت کو قائم کرنے اور ان پر عمل کرنے اور دین کی مدد کرنے کے بارے میں ان سے منقول ہے کہ انہوں نے اپنے بچوں کے لئے کتاب اللہ کے معلم تیار کئے اور فرائض کے متعلق فتوے پوچھے اور اپنے صحراؤں میں رشد و کی پیروی کی اور اپنے قبیلوں کے درمیان ایک دوسرے کو قرآن پڑھایا اور دین کے طالبین کو اپنے قضایا میں قاضی بنایا اور سرحدوں میں جہاد کے لئے بہترین چھاؤنی بنائی اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنی جانوں کو بیچا اور دشمن سے جہاد کیا۔ یہ باتیں ان کے رسوخ ایمان اور صحت اعتقاد اور دیانت کی پختگی پر دلالت کرتی ہیں اور ان کی عزت کا مدار اور ان کی حکومت و سلطنت کی طرف لے جانے والی ہیں اور اس کام میں ان کے سرخیل یوسف بن تاشفین اور ابوالحسن بن علی اور ان کے بیٹے اور پھر ان کے بعد یعقوب بن عبدالحق اور اس کے بیٹے تھے اور انہیں علم و جہاد کے متعلق اہتمام کرنے، مدارس بنانے اور زاویے تیار کرنے اور رباط بنانے اور سرحدوں کو بند کرنے اور خدا کی راہ میں مال و جان کو قربان کرنے اور اہل علم سے ملاقات کرنے اور اپنی مجالس میں انہیں بلند مقام دینے اور شریعت کی پیروی میں ان سے مشورہ کرنے اور صالحین اور متقیوں اور انبیاء کی برکتوں اور اولیاء کے حالات کے مطالعہ کرنے میں ان کے ارشادات کی اطاعت کرنے اور ان کو خواص اور عوام کے سامنے پڑھنے اور مظلوموں کی شکایت سننے اور رعایا سے انصاف کرنے اور قاضیوں کو مقرر کرنے اور اپنے شہروں کے کونے کونے میں مسجدیں بنانے اور اپنے شدید اختلاف میں انہیں نمازوں اور تسبیحات سے آباد کرنے اور شہر شہر کتب علم کی اشاعت کرنے اور مسلمانوں کی سرحدوں کو مضبوط کرنے اور فوجوں کو تیار کرنے اور بے شمار اموال کو خرچ کرنے کا بڑا خیال رہتا تھا اور یہ تمام امور اس بات کے گواہ ہیں کہ انہوں نے اپنے پیچھے بہت کچھ چھوڑا ہے اور ان میں خوارق کا ملنا اور کاملین کا ظہور اس لئے تھا کہ ان میں پاکیزہ نفس محدث اولیاء اور دینی علوم کے مالک موجود تھے اور تابعین اور ان کے بعد کے ائمہ اور کاہن جو پیش آمدہ واقعات اور غیبی اور خارق عادت اور عجیب و غریب باتوں کی اطلاع دیتے تھے۔ موجود تھے اور ان پر اللہ تعالیٰ کی عنایت کی سب سے واضح دلیل یہ ہے کہ اس نے انہیں تمام کمالات اور خوبیوں سے نوازا اور ان میں متفرق خوبیاں انسانی کو جمع کر دیا اور یہ سب باتیں ان کے واقعات میں ملتی ہوتی ہیں تو کئی باتوں کا وہم پیدا کر دیتی ہیں اور ان کے مشاہیر طالبین علم میں سے سعید بن واسول تھا جو بنی مدرار کا جد تھا۔ جو سجلماسہ کے بادشاہ تھے اور اس نے تابعین کو پایا اور عکرمہ مولی ابن عباس سے علم حاصل کیا جیسے کہ عریب بن حمید نے اپنی تاریخ میں اس کا ذکر کیا ہے اور ان میں ابو یزید مخلد بن کیداد النکاری صاحب الحمار بھی تھا۔ جس نے ۳۳۲ھ میں شیعہ کے خلاف خروج کیا اور خارجیوں کا مذہب اختیار کیا اور اس نے توزر میں اور اس کے مشائخ سے خوبی کا علم حاصل کیا اور خوارج کے مذاہب سے آشنائی کے مذاہب کا مطالعہ کیا پھر وہ ابو عمار الاعمی النکاری سے ملا اور اس سے ان کے مذاہب کو سیکھا اور سوڈان کے بلاد میں ان سے نکل گیا اور اس کے باوجود اس قوم میں بڑی شہرت حاصل ہے جس سے یہ اعتقادی [illegible] کی چوکنی دوران میں منذر بن سعید بھی تھا۔ جو قرطبہ میں قاضی الجماعت تھا اور وہ [illegible] سرحد کے سفر کرنے والوں میں تھا۔ اس کی پیدائش ۲۶۵ھ میں اور وفات ۳۵۵ھ میں ہوئی اور یہ الجزائر میں سے تھا جو [illegible] کی اولاد میں سے تھا اور عبدالرحمن ناصر کے زمانے میں فوت ہو گیا اور ان میں ابو محمد ابن ابی زید عبداللہ بھی تھا جو نفوسہ میں سے تھا اور اسی طرح ان میں علماء نسب و تاریخ اور دیگر علوم و فنون کے ماہر بھی تھے اور زمانے کے مشاہیر میں سے موسیٰ بن صالح غریبی بھی تھا۔ جو سب میں سے مشہور

معروف تھا اور ہم نے شعوب زناتہ میں سے مغراوہ کے ذکر میں اس کا تذکرہ کیا ہے۔ اگرچہ ہمیں اس کے دین سے متعلق کچھ حالات کا علم نہیں ہو سکا۔ مگر وہ اس قوم کے ان محاسن سے آراستہ تھا۔ جو خوبی انسانی کے پائے جانے پر شاہد ہیں۔ شرف ولایت و کہانت اور علم و سحر اور یہ بھی تخلیق کے کارناموں کی ایک نوع ہے۔ اس قوم کے لوگوں کا بیان ہے کہ یعلیٰ بن محمد الیفرانی کی بہن کے ہاں بغیر باپ کے ایک بچہ پیدا ہوا۔ جس کا نام انہوں نے کلمام رکھا اور اس کی شجاعت کے خارق عادات واقعات بیان کیے جاتے ہیں۔ جو اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ وہ اسے کسی طرف سے وہبی طور پر ملے تھے جن کے سبب اللہ تعالیٰ نے اسے خاص کیا تھا اور ان میں سے اس کے خاندان کے کسی آدمی کو شریک نہ کیا تھا اور بعض وقت ان کے خواص اس واقعہ کو کھلنے سے قاصر ہوتے ہیں اور قدرت نے اس قسم کے واقعات کا جو دائرہ وسیع کیا ہے۔ اس سے بیگانہ رہتے اور وہ نقل کرتے ہیں کہ اس عورت نے کسی ریچھ کے ساتھ غسل کرنے کے بعد ہی حمام میں غسل کیا تھا۔ جس کے چشمے میں اسے حمل ہو گیا تھا اور وہ وہاں پر لوگوں کے ساتھ آیا کرتی تھی اور لوگ بھی وہاں جایا کرتے تھے اور وہ دیکھتے کہ وہ اس کے جانے ہونے کے نتیجے سے حاملہ ہو گئی اور وہ اس مولود کو بہادری کی وجہ سے شیر کا بچہ کہا کرتے تھے اور اس قسم کے بہت سے واقعات ہیں۔ مگر ناقلین اخبار اس طرف توجہ کرتے تو کئی دفتر بھر جاتے اور مسلسل ان کی یہی حالت رہی یہاں تک کہ انہوں نے حکومتوں اور سلطنتوں کی بنیاد رکھی۔ جن کا اب ہم ذکر کرنے والے ہیں۔

بربر اقوام

کے حالات میں یہ چوتھی فصل ہے جس میں فتح اسلامی سے قبل اور اس کے بعد بنی اغلب کی حکومت تک بیان ہے

جیسا کہ تاریخ افریقہ اور مغرب میں یہ بات مشہور ہے کہ بربر قوم کے قبائل و شعوب شمار سے زیادہ ہیں اور ان کے ارتداد اور جنگوں کے واقعات میں ابن ابی الرقیق سے نقل کیا ہے کہ جب موسیٰ بن نصیر نے سجوم کو فتح کیا۔ تو ولید بن عبدالملک کی طرف لکھا کہ اس نے تمہارے لیے ایک لاکھ آدمیوں کو قیدی بنایا ہے۔ تو ولید بن عبدالملک نے اسے لکھا میرے خیال میں یہ تیرا ایک جھوٹ ہے اور اگر تو اس بات میں سچا ہے تو امت کا محشر ہے اور ہمیشہ ہی بلاد مغرب طرابلس تک نیز اسکندریہ تک اس قوم سے آباد رہے ہیں۔ بحر روم اور بلاد سوڈان کے درمیان ان زمینوں سے مروی ہے۔ جن کا آغاز اور ابتدائے ماقبل کے متعلق کچھ معلوم نہیں ہوتا اور ان کا دین مجوسی تھا اور مشرق اور مغرب کے تمام مجوسیوں کا یہی حال ہوتا ہے اس بعض وقت وہ غالب آنے والی اقوام کا دین اختیار کر لیتے ہیں۔ کیونکہ عظیم حکومتوں کی اقوام ان پر غالب آ جاتی تھیں اور کئی دفعہ یمن کے بادشاہوں نے اپنے مقامات سے ان سے جنگ کی جیسا کہ ان کے مؤرخین نے بیان کیا ہے۔ مگر وہ ان کے غلبہ

سے عاجز آ گئے اور ان کے دین کو اختیار کر لیا۔ ابن الکلبی نے بیان کیا ہے کہ حمیر نے یمانی قبائل کے ساتھ مغرب پر سو سال حکومت کی اور اسی نے افریقہ اور صقلیہ کے شہر بنائے اور مؤرخین نے افریقش صیفی کی جو تبابعہ میں سے تھا۔ مغرب کے ساتھ جنگ کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ جیسا کہ ہم سوم کے حالات میں بیان کر آئے ہیں اور انہوں نے سمندر کے باعث اس کے قریب ہونے [illegible] ان میں سے عظیم الشان شہر ہے جس کے آثار اس عہد تک باقی ہیں۔ جیسے سبطلہ، جلولا، مرناق، طاقہ اور زوقہ وغیرہ جنہیں عرب مسلمانوں نے پہلی فتح کے موقع پر غالب آ کر تباہ و برباد کر دیا اور انہوں نے اس وقت جس چیز کی بھی عبادت کی باقی تھی۔ اس کا دین اختیار کر لیا۔ حالانکہ وہ ہسپانی تھے اور انہوں نے ان سے مصالحت کی اور خوشی سے انہیں ٹیکس ادا کیا اور بربریوں کے نواحی اور ساحلی شہروں کے پیچھے بڑی طاقت، قوت، تیاری، بادشاہ، رؤسا، امرا اور سردار حاصل تھے۔ جن کا تصرف نہیں کیا جا سکتا تھا اور دمشق روم اور افرنجی ان کے سمندر کی طرف ان تک پہنچا سکتے تھے۔ یہی وجہ تھی اور اسلام نے اس کی مملکت میں ان پر حملہ کیا۔ روم پر غالب آ گئے اور وہ قسطنطنیہ کے بادشاہ ہرقل کو ٹیکس دیتے تھے۔ جیسے مقوقس جو اسکندریہ، برقہ اور مصر کا حکمران تھا [illegible] کرتے تھے اور جیسے طرابلس، لبدہ اور صبرہ کا حکمران اور صقلیہ کا حکمران اور اندلس کا حکمران جو القوط میں سے تھا۔ اسے ٹیکس دیتے تھے اور جب مسلمان ان سب پر غالب آ گئے تو انہوں نے [illegible] جو افریقہ کے حکمران تھے [illegible] کوئی حکمران نہیں جس سے کچھ بھی حاصل نہ تھا۔ بلکہ سب کچھ افرنجی کو حاصل تھا اور فتوحات کی کتب میں رومیوں کا تذکرہ فتح افریقہ کے متعلق بتایا جاتا ہے۔ یہ باب تغلیب سے ہے کیونکہ عرب ان دنوں افرنج سے واقف نہ تھے اور وہ شام میں رومیوں سے لڑے تھے اور کسی سے جنگ نہ کی پس انہوں نے گمان کیا کہ رومی نصرانی قوموں پر غالب ہیں اور عرب ان سے واقف تھے اسی طرح نقل کیا۔ آپ دیکھیں گے کہ وقت کی [illegible] جرجیر جو افرنجی تھا۔ رومی نہیں تھا [illegible] بلکہ افرنج جو افریقہ میں تھے۔ وہ بربریوں پر غالب تھے اور ان کے شہروں اور قلعوں میں اترے ہوئے تھے۔ وہ افرنجی تھے۔ اسی طرح بعض اوقات ان بربریوں نے یہودیت اختیار کر لی اور انہوں نے [illegible] بنی اسرائیل سے اس وقت لیا جب شام ان کے قریب اور ان کی حکومت مضبوط ہوئی اور ان کا بادشاہ بھی وہیں میں سے تھا۔ جیسے بربریوں کی پہلی فتح کے وقت اہل جبل اوراس کا قبیلہ جراوہ کاہنہ کا مستقل [illegible] جیسے نفوسہ افریقی بربریوں میں سے تھا اور فندلاوہ، مدیونہ، بہلولہ، غیاثہ تھے اور جو بلاد مغرب اقصیٰ کے بربریوں میں سے تھے۔ یہاں تک کہ ادریس اکبر [illegible] جو حسن بن حسن [illegible] مغرب میں [illegible] اور ان کے دین کو محو کر دیا [illegible] اسلام سے قبل افریقہ اور مغرب میں بربر افرنجی بادشاہت کے ماتحت تھے اور دین نصرانیت پر تھے اور [illegible] کے ساتھ متفق تھے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا ہے یہاں تک کہ فتح ہوئی اور مسلمانوں نے حضرت عمرؓ کے زمانے میں ۲۹ھ میں افریقہ پر حملہ کیا اور عبداللہ بن سعد بن ابی سرح جو بنی عامر بن لؤی سے تھا ان پر غالب آ گیا۔ جرجیر نے جو ان دنوں افریقہ میں افرنجی بادشاہ تھا۔ ان تمام افرنجیوں اور رومیوں کو جمع کیا۔ جو شہروں میں رہتے تھے اور مضافات سے بربریوں اور ان کے بادشاہوں کو اکٹھا کیا اور وہ طرابلس اور طنجہ کے درمیان کے علاقے کا بادشاہ تھا اور اس کا دارالسلطنت سبیطلہ تھا پس وہ ایک لاکھ بیس ہزار کی تعداد میں مسلمانوں کے ساتھ جنگ کرنے آئے اور مسلمان ان دنوں بیس ہزار تھے اور عربوں نے انہیں شکست دی اور سبیطلہ کو فتح کیا

ضہاجہ کا تیسرا طبقہ اس طبقہ میں کوئی بادشاہ نہیں ہے اور یہ اس عہد میں مغرب کے قبائل سب سے زیادہ ہیں اور ان میں سے کچھ جبال درن کی شرقی جانب تازی اور تادلہ کے درمیان اور معدن بنی فازاز میں اس گھاٹی پر رہتے ہیں۔ جو آ کر سلوکن تک پہنچتی ہے جو بلاد گل میں سے ہے اور اس گھاٹی کا گزر مغرب میں بلاد مصامدہ اور ان کے علاقے میں جبال درن کے پاس سے ہوتا ہے پھر اسم و الحسن میں ان پہاڑوں کی چوٹیاں پائی جاتی ہیں اور اس گھاٹی سے ان کے مواطن قبلہ کی طرف مڑ جاتے ہیں اور آ کر سلوکن پر ختم ہو جاتے ہیں۔ پھر ان کا موڑ آ کر سلوکن سے دوسری طرف سوس اقصیٰ کے نواح اور ان کے قصبوں تارودانت اور ایفری فان اور تارتان تک جاتا ہے اور یہ سب ضہاجہ کے نام سے معروف ہیں۔ جو ضہاجہ سے بدلا ہوا ہے اور ضہاجہ کو غربی قبائل کے درمیان اہل جبل پر قوت و طاقت حاصل ہے۔ جو تادلہ پر چھا گئے ہیں اور اس عہد میں ان کی سرداری عمران ضہاجی کی اولاد میں ہے اور انہیں حکومت کا اعزاز اور المرینی کی اطاعت سے نجات حاصل ہے اور ان کے ساتھ ضہاجہ کے قبائل متصل ہیں جن میں سے کچھ سفر کرنے والے ہیں۔ جو اشکد میں رہتے ہیں اور ان کے علاوہ گزراج تینا تمین میں جو قبیلہ کتامہ میں سے ہے وادی ام ربیع تک جو تامسنا سے شمالی جانب تمل درن کے دونوں طرف ہے۔ بارش کے مقامات تلاش کرتے پھرتے ہیں اور ان کی سرداری بنی کی اولاد میں ہے جو ان کے مشاہیر میں سے ہے۔ [illegible] سے مراکش تک ان کے ساتھ وکالہ کے قبائل متصل ہیں اور مغرب کی جہت میں بحر محیط کے ساحل پر آزمور کی طرف ایک قبیلہ ان سے اتصال رکھتا ہے اور دوسرا قبیلہ جو بہت بڑی تعداد میں ہے وہ وطن، مذہب، ٹیکس اور پیشہ کے لحاظ سے مصامدہ کے ذیل میں آتا ہے اور اس عہد تک ان کی سرداری عزیز بن یبروک کی حکومت تک ہے جو زناتی حکومت کے آغاز سے ان کا رئیس ہے اس کا ذکر آئندہ آئے گا اور بطویہ، کتامہ اور بنی وارتین جبال تازا سے جبل بدائی تک رہتے ہیں جو جبال مغرب میں سے ہے اور بنی ملک کے نام سے معروف ہے اور ان کا ایک قبیلہ ہے جو وعدے کے مطابق ٹیکس دیتا ہے اور بطویہ کے بعض بطون میں ایک بطن ہے جو تازا میں رہتا ہے اور بنی وریاغل بلاد الحوز میں اور دلی الحرحیت میں رہتی ہے اور وادی بطل کے بنی عبدالحق کے ساتھ معاہدہ ہے جو بنی مرین کے ملوک ہیں اور ام یعقوب بن عبدالحق ان میں سے تھی۔ پس اس نے ان کو وزیر بنایا اور ان میں سے طلحہ بن علی اور اس کا بھائی عمر بن علی بھی تھا۔ اس کا ذکر ان کی حکومت میں آئے گا اور وہ بحر روم کے ساحل سے جبال درن اور جبال ریف کے درمیان مغرب کے میدانوں سے متصل ہے جہاں وہ کے مساکن ہیں ان کا ذکر ضہاجہ کے دیگر قبائل میں آئے گا۔ جو پہاڑوں، وادیوں اور میدانوں میں بکثرت ہیں۔ جیسے بنی وریاگل، بنو حمید، بنو مزہ، بطوہ، بنو عمران، بنو درکول، بنو زیری، بلوطہ اور بنی وامری طرح پتھروں اور مٹی کے گھروں میں رہتے ہیں اور ان سب کے مواطن ورغہ اور امرگو میں ہیں اور یہ کاشتکاری اور کپڑا بننے کا پیشہ اختیار کئے ہوئے ہیں اور اسی وجہ سے ضہاجہ الطین کے نام سے معروف ہیں اور یہ ٹیکس گزار قبائل کی ذیل میں

ہیں اور اس عہد میں ان کی مشترکہ زبان عربی ہے اور یہ لوگ قبائل غمارہ کے پڑوسی ہیں اور جہاں غمارہ کی ایک طرف ان کے ساتھ [illegible] سے یہ متصل ہو جاتا ہے تو ضہاجہ کی سرزمین [illegible] وہاں کا موطن ہے اور ان کی حالِ معاش کے لئے زرعی پیشے ہیں [illegible] اور ضہاجہ کہلاتے ہیں۔ کیونکہ ان کی پہاڑوں کی طرف نسبت ہے [illegible] جیسا کہ ضہاجہ کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں۔ ضہاجہ اہل کہتے ہیں کیونکہ وہ جبل میں رہنے والے ہیں اور اکثر مورخین کا خیال ہے کہ وہ بھی ضہاجہ میں سے ہیں اور [illegible] ان کا اصل [illegible] ان میں اہل مغرب کی زبان تھی ان کے [illegible] پہنچنے والے تھے۔

قبائل بربر میں سے مصامدہ کے حالات اور مغرب میں جو انہیں حکومت و سلطنت حاصل تھی' اُس کا بیان اور اُس کا آغاز اور گردشِ احوال

مصامدہ بھی بربر کی اولاد میں سے ہیں اور وہ بربر کے قبائل میں سب سے زیادہ تعداد والے ہیں اور ان کے بطون میں سے برغواطہ، غمارہ اور اہل جبل درن ہیں اور پہلی صدیوں سے ان کے مواطن مغرب اقصیٰ میں ہیں اور اسلام سے قبل وہ جبل درن میں آباد تھے۔ غمارہ میں سے برغواطہ کو سب سے تقدم حاصل تھا۔ پھر اس کے بعد جبال درن کے مصامدہ کو ان پر تقدم حاصل ہو گیا اور برغواطہ کو اپنے زمانے میں حکومت حاصل تھی اور ان میں سے اہل درن کو بھی دو مرتبہ حکومت حاصل تھی اور کچھ دوسری حکومتیں بھی تھیں جیسا کہ ہم بیان کریں گے پس ہم ان قبائل کا ذکر کرتے ہیں اور جس طرح ہمیں معلوم ہوا ہے ان کی حکومتوں کا بھی ذکر کرتے ہیں۔

مصامدہ میں سے برغواطہ اور ان کی حکومت کے حالات اور ان کی حکومت کا آغاز اور گردشِ احوال

جان لو کہ یہ بڑی قوم ہے۔ ابتدائے اسلام میں انہیں تقدم اور کثرت حاصل تھی اور [illegible] اور ان کے مواطن قبیلہ [illegible] کے درمیان تامسنا کے میدانوں اور بحر محیط کے جزیروں میں سلا سے ازمور اور آسفی تک تھے اور ہجرت کی دوسری صدی کے آغاز میں ان کا بادشاہ طریف ابو صالح تھا اور میسرۃ الحقیر کے جرنیلوں میں سے تھا [illegible] جو صفری کا عقیدہ رکھتا تھا اور اس کے ساتھ [illegible] جب میسرہ [illegible] حکومت کا خاتمہ ہو گیا اور طریف تامسنا میں ان کی حکومت کا حاکم باقی رہا اور [illegible] قوانین بنائے [illegible] وفات پا گیا تو اس نے اپنے بیٹے صالح کو حکمران بنایا اور وہ اپنے باپ کے ساتھ میسرہ کی جنگ میں شامل رہا تھا اور اہل علم اور اہل خیر میں سے تھا پھر وہ آیات الہیہ سے ایک طرف ہو گیا اور اس نے نبوت کا دعویٰ کر دیا اور اس نے ان کے لئے ایک دین بنایا۔ [illegible] ان کے بعد چلے۔ [illegible]

نے دعویٰ کیا کہ اس پر قرآن نازل ہوا ہے اور وہ اس میں سے ان کو سورتیں پڑھ کر سناتا تھا اور ان سورتوں میں سورۃ الدیک، سورۃ الحمر، سورۃ الفیل، سورۃ آدم، سورۃ نوح اور بہت سے انبیاء کی سورتیں تھیں اور سورۃ ہاروت و ماروت و ابلیس اور سورہ غرائب الدنیا بھی تھی اور ان کے خیال میں اس سورہ میں علم عظیم تھا۔ جس میں حلال و حرام اور شرائع و قصص کو بیان کیا گیا تھا اور وہ اسے اپنی نمازوں میں پڑھتے تھے اور وہ اس کا نام صالح المومنین رکھتے تھے۔ جیسا کہ بکری نے زمور بن صالح بن ہاشم بن وراد سے بیان کیا ہے جو اپنے بادشاہ ابو عیسیٰ بن ابی الانصاری کی طرف سے ۳۵۲ھ میں حاکم مستنصر خلیفہ قرطبہ کے پاس آیا تھا اور اس کے تمام حالات کو داؤد بن عمر بسطاسی واضح کر رہا تھا۔ وہ بیان کرتا ہے کہ صالح کا ظہور ہشام بن عبدالملک کی خلافت میں ہجرت کی دوسری صدی کے ستائیسویں سال میں ہوا اور یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ اس کا ظہور ہجرت کے [illegible] میں ہوا تھا جب اسے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اطلاع پہنچی تو اس نے آپ کی نقل اتارتے ہوئے اور آپ سے متاثر ہوتے ہوئے یہ ادعا کیا مگر پہلی بات زیادہ درست ہے بجز اس کے یہ خیال کیا کہ وہ مہدی آخر الزمان ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس کے ساتھی ہوں گے اور اس کے پیچھے نماز پڑھیں گے اور اس کا نام عربی میں صالح اور السریانی میں مالک اور اعجمی میں عالم اور عبرانی میں روبیل اور بربری میں وریا ہے اور اس نے کہا کہ یہی ہے کہ اس کے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا اور ۴۷ سال کی عمر میں اپنی حکومت سنبھالنے کے بعد وہ مشرق کی طرف نکل گیا اور ان سے وعدہ کیا کہ وہ ان میں سے ساتویں کی حکومت میں واپس آجائے گا اور اس نے اپنے بیٹے الیاس کو اپنے دین کی وصیت کی اور اسے تاکید کی کہ وہ حاکم اندلس سے دوستی کرے [illegible] اور جب ان کی پوزیشن مضبوط ہو جائے تو وہ اس کے دین کا اظہار کرے اور اس کے بعد اس کے بیٹے الیاس نے اس کام کو سنبھالا اور وہ ہمیشہ ہی پوشیدگی سے اظہار اسلام کرتا رہا۔ کیونکہ اس کے باپ نے اسے اپنے کفر سے بچنے کی وصیت کی تھی اور وہ پاکباز پاکدامن اور زاہد تھا اور وہ اپنی حکومت کے پچاسویں سال میں فوت ہو گیا اور اس کے بعد ان کے کام کو اس کے بیٹے یونس نے سنبھالا پس اس نے ان کے دین کو واضح کیا اور ان کے کفر کی طرف دعوت دی اور جو اس کے دین میں داخل نہ ہوتا وہ اسے قتل کر دیتا یہاں تک کہ اس نے تامسنا اور اس کے گرد کے شہروں کو جلا دیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اس نے [illegible] شہروں کو جلا دیا اور وہاں کے باشندوں سے مخالفت کرنے کی وجہ سے تلوار سے جنگ کی اور ان میں سے تاموکاف مقام پر لوگوں کو قتل کیا اور یہ ایک بلند پتھر ہے جو راستے کے درمیان اگا ہوا ہے یہیں اس نے سات ہزار سات سو ستر آدمیوں کو قتل کیا۔

اور وہ ابن کہتا ہے یونس مشرق کی طرف گیا اور اس نے حج کیا اور اس سے پہلے اور اس کے بعد اس کے اہل بیت میں سے کسی نے حج نہیں کیا تھا اور اپنی حکومت کے چوالیسویں سال میں فوت ہو گیا اور حکومت اس کے بیٹوں سے منتقل ہو گئی اور ان کی حکومت ابو غفیر محمد بن معاذ بن الیسع بن صالح بن طریف نے سنبھالی اور اس نے برغواطی حکومت پر قبضہ کر لیا اور اپنے آباء کے دین پر چلا اور اس کی شوکت و عظمت بڑھ گئی اور اس نے بربریوں کے ساتھ قابل ذکر اور مشہور جنگیں کیں جن کی طرف سعید بن ہشام مصمودی نے اپنے اشعار میں اشارہ کیا ہے۔

''اے محبوب جدائی سے قبل ٹھہر جا اور ہمیں اطلاع دے کہ یہ امت ہلاک اور گمراہ ہو گئی۔ ہے اور موسیٰ ہے اور اپنے بیٹے کو

شہر میں پانی نہ ملے یہ کہتے ہیں کہ ابو غفیر نے کہا اللہ تعالیٰ کاذبوں کی ماں کو ہلاک کرے کیا تو نے کسی بخیل کے گھر کے متعلق دیکھا اور سنا نہیں کہ ہم ان کے گھوڑوں کے پیچھے لگے اور وہ عورتیں روتی تھیں اور کئی عورتوں نے جنین گرا دیے تھے اور اہل تامستا کو اس وقت پتہ چلے گا جب قیامت کے روز جمع ہو کر آئیں گے۔ وہاں یونس اور اس کے باپ کے بیٹے بربریوں کو حیران ہو کر گھسیٹتے ہوں گے یہی یہ دن تمہارا دن نہیں بلکہ یہ باتیں ہیں جو تم کو میسر ہیں"۔

اور ابو غفیر نے ۴۴ بیویاں کیں اور اس کے اس جیسے ایک یا زیادہ بیٹے ہوئے اور تیسری صدی کے آخر میں اپنی حکومت کے انتیسویں سال میں فوت ہو گیا اور اس کے بعد اس کا بیٹا ابو الانصار عبداللہ حکمران بنا اور وہ اس کے نقش قدم پر چلا اور وہ بہت دعوت دینے والا تھا اور اس کے زمانے کے بادشاہ اس سے خوف کھاتے تھے اور اس سے تعلقات پیدا کر کے اس سے مصالحت کرتے تھے اور اس سے دور رہا کرتے تھے اور وہ کمبل اور شلوار اور سلا ہوا کپڑا پہنتا تھا اور مسافروں کے سوا اس کے علاقے میں کوئی پگڑی نہ باندھتا تھا اور وہ پڑوسی کا محافظ اور عہد کو پورا کرنے والا تھا اور وہ چوتھی صدی کے اکتالیسویں سال میں اپنی حکومت کے چوالیسویں سال میں فوت ہو گیا اور امسلاخت میں دفن ہوا اور وہیں اس کی قبر ہے اور اس کے بعد اس کا بیٹا ابو منصور عیسیٰ ۲۲ سال کی عمر میں حکمران بنا اور اپنے آباء کی سیرت پر چلا اور نبوت اور کہانت کا دعویٰ کیا اور اس کی حکومت مضبوط ہو گئی اور قبائل مغرب اس کے مطیع ہو گئے۔

زمور بیان کرتا ہے کہ اس کی فوج تقریباً تین ہزار برغواطہ پر مشتمل تھی اور دس ہزار فوج ان کے علاوہ جراوہ، زواغہ، برانس، بجانہ، مغیلہ، مطغرہ، مطماطہ، بنو واوزگیت، بنو نفزی، آجرہ، رکانہ، ایزلین، رصافہ اور زمور ادو پر مشتمل تھی اور ان کے بادشاہوں نے جب سے یہ دین شروع کیا کبھی خدا کو سجدہ نہیں کیا۔

اور ملوک عدوتین نے برغواطہ سے جنگ و جہاد کرنے میں اس کے بعد ادریسیوں، امویوں اور شیعہ نے بڑے کارنامے سر انجام دیے ہیں اور جب جعفر بن علی اندلس سے مغرب کی طرف گیا اور منصور بن ابی عامر نے ۳۶۶ھ میں اسے اپنا کام سپرد کیا تو وہ بصرہ میں اترا پھر اس کے اور اس کے بھائی یحییٰ کے درمیان اختلاف پیدا ہو گیا اور ہند کے سربراہ اس پر ٹوٹ پڑے اور اس نے حکم دیا کہ وہ اس کام کو بجا لائے جو اسے جعفر نے کہا ہے اور معتمد نے اپنے صالح عمل سے اس کی توجہ برغواطہ کے جہاد کی طرف پھیر دی اور اس نے اہل مغرب اور اندلسی فوجوں کے ساتھ ان پر چڑھائی کی۔ پس انہوں نے اپنے ملک کے میدان میں اس سے جنگ کی اور اسے شکست ہوئی اور خود اپنی فوج کے ایک دستے کے ساتھ بچ نکلا اور بصرہ میں اپنے بھائی کے ساتھ جا ملا پھر اس کے بعد منصور کے بلانے پر اس کے پاس چلا گیا اور اپنے بھائی یحییٰ کو مغرب کی عملداری میں چھوڑ گیا پھر صنہاجہ نے ان کے ساتھ اس وقت جنگ کی جب اس کے بعد بلکین بن زیری نے ۳۶۹ھ میں مغرب سے جنگ کی اور زناتہ اس کے آگے بھاگ گئے اور سبتہ کے ایک پہاڑ میں گھس گئے اور اس کی لڑائیوں میں محفوظ ہو گئے پس وہ وہاں سے برغواطہ کے جہاد کی طرف لوٹ آیا اور ان پر چڑھائی کر دی۔ تو ابو منصور عیسیٰ بن ابی الانصار اپنی قوم کے ساتھ آگے بڑھا اور انہیں شکست ہوئی اور منصور قتل ہو گیا اور بلکین نے ان میں قتل عام کر کے خوب خونریزی کی اور ان کے قیدیوں کو قیروان بھیج دیا۔ لیکن مجھے معلوم نہیں کہ منصور کے بعد ان کی حکومت کس نے سنبھالی پھر ان کے ساتھ منصور بن ابی عامر کی فوج نے اس وقت جنگ کی

جب عبدالملک بن منصور نے اپنے غلام ابوالفتح کو ان برغواطہ کی پہلی فوجوں اور امراء کے قوائد اور سرداروں کی امارت دی تھی ان میں قتل کرنے اور قیدی بنانے کا بڑا اثر ہوا۔ پھر ان کے ساتھ بنو یفرن نے اس وقت جنگ کی جب ابوالکمال تمیم یفرنی نے اس کے بعد سلا کی جانب جو بلاد مغرب میں ہے مستقل حکومت قائم کر لی اور انہوں نے جنگوں کے بعد ان کو زیری بن عطیہ مغراوی سے واپس کرالیا اور پانچویں صدی کے آغاز میں یحییٰ کی اولاد تمیم بن زیری بن یعلی کی طرف منسوب ہوتی تھی اور وہ سلا شہر میں ٹھہرا ہوا تھا اور برغواطہ کا پڑوسی تھا اور ان کے جہاد میں اس کا بڑا اثر تھا۔ یہ ۴۲۰ھ کی بات ہے۔ وہاں یہ تامسنا میں ان پر غالب آگیا اور قتل کرنے اور قیدی بنانے کے بعد ان کا معاملہ کم ہو گیا۔ پھر اس کے بعد یہ لوگ پہاڑی جگہوں میں آگئے یہاں تک کہ لمتونہ کی حکومت نکل آئی اور اپنے صحرائی مواطن سے بلاد مغرب کی طرف چلے گئے اور انہوں نے سوس اقصیٰ کے بہت سے قصوں اور بعض مصامدہ کو فتح کر لیا پھر انہوں نے تامسنا اور اس کے ارد گرد کے قریب میں برغواطہ کے ساتھ جہاد کیا پس ابوبکر بن عمر نے جو مرابطین کی قوم میں لمتونہ کا امیر تھا، ان پر چڑھائی کی اور اس کی ان کے ساتھ جنگیں ہوئیں جن میں سے ایک جنگ میں صاحب دعوت عبداللہ بن یاسین کرزلی ۴۵۰ھ میں شہید ہو گیا اور ابوبکر اور اس کی قوم ان کے جہاد میں مشغول رہے یہاں تک کہ انہوں نے ان کی جڑ اکھیڑ دی اور ملک سے ان کے آثار مٹا دیئے اور ان کی حکومت کے خاتمے کے وقت ان کا حکمران ابو حفص عبداللہ تھا جو ابو منصور عیسیٰ بن ابی الانصار عبداللہ بن ابی عفیر محمد بن معاذ بن الیسع بن صالح بن طریف کی اولاد میں سے تھا اور وہ ان کی جنگوں میں ہلاک ہو گیا اور مرابطین پر ان کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا اور ان کی جڑ کٹ گئی اور بعض لوگوں نے برغواطہ کے نسب کے بارے میں بیان کیا ہے کہ بعض ان کو زناتہ کے قبائل میں شمار کرتے ہیں اور دوسرے لوگ کہتے ہیں کہ وہ یہودی تھا جو شمعون بن یعقوب کی اولاد میں سے تھا اور اس نے برباط میں پرورش پائی اور مشرق کی طرف چلا گیا اور عبداللہ معتزلی سے پڑھا اور سحر میں مشغول ہو گیا اور کئی فنون کو جمع کیا اور مغرب کو آگیا اور تامسنا میں اترا تو وہاں پر اس نے بربریوں کے جاہل قبیلوں کو پایا پس اس نے ان کے سامنے زہد کا اظہار کیا اور اپنی زبان سے انہیں مسحور کر دیا اور انہیں جھوٹے موٹے باتیں بتائیں تو انہوں نے اس کی اتباع کی تو اس نے دعویٰ نبوت کر دیا اور برباط میں پرورش پانے کی وجہ سے اسے برباطی بھی کہتے ہیں اور برباط حصن شریش کی ایک وادی ہے جو اندلس میں ہے اور عربوں نے اس نام کو معرب کر کے برغواطہ بنا لیا۔ یہ سب باتیں کتاب الجواہر کے مصنف نے بیان کی ہیں اور البکری نے بھی ان کا کچھ ذکر کیا ہے مگر یہ اشتباہ کی ہے اور یہ لوگ زناتہ میں سے نہیں اور اس کی گواہی ان کے موطن اور ان کے اپنے مصامدی بھائیوں کے پڑوس میں رہنے سے ملتی ہے۔

اور صالح بن طریف ان میں مشہور آدمی ہے اور وہ ان کے غیروں میں سے نہیں ہے اور قبائل اور قوموں پر غلبہ اس کی جڑ کاٹ دینے سے کبھی نہیں ہوتا۔ وہ اپنا نسب اپنی غیر قوم کی طرف منسوب کرنے والا ہے اس لئے ان کا نسب برغواطہ ہے اور مصامدہ کے قبائل میں ان کا قبیلہ ایک معروف قبیلہ ہے جیسا کہ ہم نے بیان کیا ہے۔

مصامدہ کے بطون میں سے غمارہ کے حالات اور ان کی حکومتوں اور گردش احوال کا بیان۔ مصامدہ کے بطون میں سے یہ قبیلہ غمارہ بن مصمود کی اولاد میں سے ہے اور بعض کہتے ہیں کہ غمارہ بن اسید کی اولاد میں سے ہے جو

[illegible]

باب: ۲۴

سبتہ کے حکمران

سبتہ جو ابتدائے اسلام کے قدیم شہروں میں سے ہے۔ جب موسیٰ بن نصیر نے اس پر چڑھائی کی تو اس سے جولیان قوطی نے صلح کر لی۔ موسیٰ نے اس کے بیٹوں کو برقرار رہنے دیا اور طارق بن زیاد کو اندلس کے لئے طنجہ میں اتارا اور اس کے ساتھ جہاد کرنے کے لئے فوج کو بھیجا پھر موسیٰ اندلس کی طرف گیا تو اس نے یہ فوج بھیجی اور جیسا کہ بیان ہو چکا ہے جب اس کے ہمسروں کو بھائی اور جب اندلس فتح ہو گیا تو عرب مسلمان سبتہ پر قابض ہو گئے اور اسے آباد کیا۔ پھر میسرہ المطغری کی خارجی دعوت کا فتنہ اٹھا اور اس نے غمارہ کے بہت سے بربریوں اور دوسرے لوگوں کو اکٹھا کر لیا۔ پس اس نے طنجہ کی امارت سے سبتہ پر حملہ کیا اور عربوں کو وہاں سے نکال دیا اور قید کر لیا اور اسے برباد کر دیا اور وہ خالی ہو گیا پھر ان کے جوانوں اور قبائل کے سرداروں میں سے ماجکس وہاں اترا۔ اسی وجہ سے ان کو ماجکس کہتے ہیں۔ پس اس نے اسے تعمیر کیا اور لوگ اس کی طرف واپس آ گئے اور وہ مسلمان ہو گئے۔ یہاں تک کہ فوت ہو گیا اور اس کے بیٹے عصام نے اس کی حکومت کو سنبھالا اور ایک مدت تک حکمران رہا اور اس کا بھائی الرضی حکمران بنا کہا جاتا ہے کہ وہ اس کا بیٹا تھا اور جیسا کہ ہم بیان کریں گے۔ وہ بنی ادریس کی بیعت اطاعت کرتے تھے اور جب ناصر اموی کو سربلندی حاصل ہوئی تو اس نے مغرب کی حکومت میں دلچسپی لی اور بلاد غمارہ کے مالکوں بنی ادریس سے اس وقت تمسک کیا جب کہ مکناسہ اور زناتہ نے انہیں ان کے ملک فاس سے نکال دیا تھا اور وہ ناصر کی دعوت کا قلعہ بن گیا اور ان کے بیٹے ابھی اپنی عملداریوں میں ناصر کے لئے سبتہ سے الگ ہو گئے اور اسے اشارہ کیا کہ وہ اسے بنو عصام سے حاصل کرے تو اس نے اپنی فوجوں اور بحری بیڑوں کو اپنے جرنیل نجاح بن عفیر کے ساتھ سبتہ کی طرف بھیجا اور اس نے اسے ۳۱۹ھ میں فتح کر لیا اور الرضی بن عصام نے اسے ان کے لئے چھوڑ دیا اور ان کی اطاعت اختیار کر لی اور بنی عصام کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا اور سبتہ ناصر کے قبضہ میں آ گیا اور کچھ عرصہ کے بعد بنو حمود نے اس پر قبضہ کر لیا۔ پھر ان کے بعد ان کے سپہ سالاروں نے حکومت سنبھالی جیسا کہ ہم ان کا ذکر کریں گے اور جب ان کے زمانے میں مسلمانوں نے بلاد مغرب اور اس کی عملداریوں پر قبضہ کیا تو انہوں نے انہیں آپس میں تقسیم کر لیا اور [illegible] بربریوں کے ساتھ جہاد کرنے کے لئے فوجی مدد دی اور ان میں سب عرب قبائل کے لوگ تھے اور صالح بن منصور جیسا کہ [illegible] فوج میں عربوں میں سے تھا اور سبتہ صالح کے نام سے معروف تھا۔ پس اس نے غمارہ کو اپنے لئے چن لیا اور ولید بن عبدالملک نے

۱۴۰ھ میں آئے وہاں جاگیر دی۔ یہ قول صاحب عمانی کا ہے اور بکری کہتا ہے مشرق سے زاب اور [illegible] اور عمر ابن ابی [illegible] تک کی
ہوتا ہے جو پانچ روز کی مسافت پر ہے اور مغرب [illegible] اور [illegible] اس کے پڑوس میں رہتے ہیں اور [illegible] اور قصابہ جو [illegible] سڑک
اور قلعہ [illegible] کے رہنے والے ہیں ان کے دو بڑے [illegible] جنوبی [illegible] اور صید اور [illegible] کے بھی [illegible] ہیں اور مغرب سے
مردان تک شمالی ہوتا ہے۔ بنو [illegible] سے [illegible] اور صنہاجہ [illegible] ہے اور ان کے پیچھے درب قریب فرعون اور [illegible]
رہتے ہیں اور [illegible] اور [illegible] جو قاسم کی [illegible] ہیں اور یہ جزیرہ پانچ میل کے فاصلے پر ہے اور جب ساقی کو
وہاں جاگیر ملی تو اس نے وہاں اقامت اختیار کر لی اور اس کی نسل وہاں بکثرت ہو گئی اور [illegible] اور صنہاجہ کے قبائل ان کے
پاس اکٹھے ہو گئے اور اس کے ہاتھ پر مسلمان ہو گئے اور انہوں نے اس کی حکومت کو قائم کیا اور اس نے [illegible] پر قبضہ کر لیا
اور اسلام ان میں پھیل گیا۔ پھر انہیں قوانین اور فرائض کا علم معلوم ہونے لگے اور وہ مرتد ہو گئے اور انہوں نے ساقی کو نکال
دیا اور نفزہ کے ایک شخص کو جو ابن الرندی کے نام سے معروف تھا اپنا فرماں روا بنا لیا پھر انہوں نے توبہ کی اور اسلام میں واپس آ
گئے اور ساقی کی طرف [illegible] یہاں تک کہ ۱۶۷ھ میں [illegible] فوت ہو گیا اور اس کے
بعد اس کی حکومت اس کے بیٹے [illegible] نے سنبھالی جو بڑا شریف النفس اور عبادت گزار تھا اور وہ انہیں [illegible]
تھا اور خلیفہ بنا [illegible] پھر تھوڑے دنوں کے بعد وہ فوت ہو گیا اور اس کے بعد اس کا [illegible] حکمران بنا تو اس نے وادی
کے کنارے میں شہر [illegible] کی حد بندی کی اور ابھی اس نے اسے مکمل نہیں کیا تھا کہ ۲۰۸ھ میں فوت ہو گیا اور اس کے بعد اس کا بیٹا
سعید حکمران بنا اور اس کی حکومت مضبوط ہو گئی اور وہ شہر [illegible] میں آیا کرتا تھا۔ پھر اس نے اپنی حکومت کے آغاز میں [illegible] کی
حد بندی کی اور وہاں اترا اور اسے اس عہد میں [illegible] کہتے ہیں جو دریاؤں کے درمیان ہے [illegible] ایک [illegible] ہے جس کا
[illegible] ہے اور [illegible] کا [illegible] ہے اور [illegible]
میں ہے اور دونوں دریا [illegible] میں اکٹھے ہوتے ہیں پھر [illegible] سمندر میں گرتے ہیں کہا جاتا ہے [illegible] کے
[illegible] سے [illegible] کے [illegible] نے اپنے [illegible] ۲۲۴ھ میں جنگ کی [illegible] پر غالب آ گئے [illegible]
دوسری بار [illegible] پھر وہ سعید [illegible] اکٹھے ہو گئے اور انہیں وہاں سے نکال دیا اور اس کے بعد [illegible] نے سعید کے خلاف
بغاوت کر دی اور اسے معزول کر دیا اور اپنے [illegible] سے [illegible] کو حکمران بنایا اور [illegible] اپنی جگہ [illegible] نے اس
ان پر غالب [illegible] اس کی جماعت کو منتشر کر دیا اور ان کو [illegible] اور اس کی حکومت منظم ہو گئی یہاں تک کہ وہ ۲۵۳ھ
میں ۷۳ سال کی عمر میں فوت ہو گیا اور اس کی حکومت اس کے بیٹے [illegible] بن سعید نے سنبھالی۔ [illegible] کے مذہب کو
اختیار کیا اور اس پر استقامت اختیار کی اور اس کی [illegible] کے ساتھ جنگیں ہوتی رہیں۔ یہاں تک کہ وہ
۲۷۰ھ میں اپنی حکومت کے [illegible] سال بعد فوت ہو گیا اور اس کے بعد اس کا بیٹا سعد بن [illegible] حکمران بنا اور وہ ان کا سب
سے چھوٹا [illegible] اس کا بھائی عبداللہ اور اس کا چچا [illegible] اس کے مقابلہ میں نکلے تو وہ بہت سی جنگوں کے بعد ان دونوں پر
غالب آ گیا۔ [illegible] نے اپنے بھائی کو مشرق کی طرف جلاوطن کر دیا اور وہ اس کی حکومت میں ہی مر گیا اور اس نے اپنے چچا
[illegible] پر باہمی رشتہ داری کی وجہ سے رحم کیا اور [illegible] اور [illegible] پر اس نے غلبہ پایا [illegible] کر دیا اور [illegible] سے

سعادۃ اللہ نے یہ بات ان سے دریافت کی۔ تو لوگوں کو بھاری ویرانی [illegible] کے ساتھ جا ملا جو جبل ابوالحسن کے رہنے والے ہیں اور انہیں اس کی کمزوری سے آگاہ کیا اور انہوں نے اس کی فوج پر شب خون مارا اور اس پر غالب آ گئے اور ہتھیار لے لیے اور ان میں سے بہت سے آدمی قتل ہو گئے اور سعادۃ اللہ تمسامان بھاگ گیا اور ان سے اس کے بھائی میمون کو پکڑ کر قتل کر دیا۔ پھر سعادۃ اللہ [illegible] لے کر چلا تو اس نے اس کا مقابلہ کیا اور اسے اپنے ساتھ نکور میں اتارا۔ پھر سعید نے اپنی قوم اور اپنے معاونین کے ساتھ جو تھوڑے تھے [illegible] سے جنگ کی [illegible] جنگ کی اور تیمو اور تنوخ جو اس کا خاندان تھا اور [illegible] سے بھی جنگ کی اور اپنے بھائی [illegible] بن محمد بن سلیمان سے رشتہ داری کی اور اسے اپنے ساتھ نکور میں اتارا اور [illegible] سعید کے لیے حکومت ہموار ہو گئی۔ یہاں تک کہ عبیداللہ مہدی نے اسے اپنی اطاعت کی طرف دعوت دی اور خط میں لکھا:

> "اگر تم سیدھے رہے تو میں تمہاری بہتری کے لیے سیدھا رہوں گا اور اگر تم نے مجھ سے انحراف کیا تو میں تمہارے حق [illegible] اور [illegible] جو طالب [illegible] کے لیے [illegible] اور جلد [illegible] کا اور میں نے تم سے پہلے [illegible] سے بچو [illegible] ہوں گا"۔

پس اس نے شاعر [illegible] الاخطل [illegible] امیر سعید کے بھائی یوسف بن صالح نے یہ نظم [illegible]

> "[illegible] اللہ کی قسم [illegible] طرح [illegible] نہیں کر سکا اور اللہ تعالیٰ نے تجھے فیصلہ کن قول سکھایا ہے اور تو ایک [illegible] اور [illegible] ہے جو [illegible] کے لیے ایک مثال ہے [illegible] محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بہتر ہیں اور اللہ تعالیٰ نے تیری بات کو پست کر دیا ہے"

پس عبیداللہ نے مصالہ بن حبوس حاکم تاہرت کو لکھا کہ وہ آئے اور اس کی طرف جنگ کرنے کے لیے [illegible] تو اس نے ۳۰۴ھ میں اپنی حکومت کے [illegible] میں [illegible] ان سے جنگ کی پس سعید اور اس کی قوم قتل ہو گئی [illegible] پر غالب رہا پھر مصالہ نے ان پر غلبہ پایا اور انہیں قتل کر دیا اور ان کے سروں کو رقادہ کی طرف بھیج دیا اور انہیں وہاں پر لٹکا دیا گیا اور ان کے باقی ماندہ [illegible] سمندر پر سوار ہو کر مالقہ چلے گئے پس الناصر نے ان کی خوب مہمان نوازی کی اور انہیں عطیات دیئے اور ان کی بہت تکریم کی اور مصالہ نے نکور میں [illegible] قیام کیا اور پھر تاہرت کی طرف واپس آ گیا اور دلول [illegible] کو اس کا حکمران بنایا۔ [illegible] فوج اس کے ارد گرد سے متفرق ہو گئی اور [illegible] بنی سعید [illegible] قوم کو [illegible] اطلاع دی اور وہاں ادریس معتصم اور صالح تھے۔ پس وہ کشتیوں میں سوار ہو کر نکور کی طرف آئے اور ان میں سے صالح سب سے پہلے [illegible] گیا اور بربریوں نے [illegible] تمسامان میں [illegible] اس کی بیعت کی اور صغر سنی کی وجہ سے اسے یتیم کا لقب دیا اور انہوں نے دلول پر [illegible] کر کے [illegible] اور انہیں قتل کر دیا اور صالح نے [illegible] کے مضافات میں اس کی دعوت کو قائم کیا اور ناصر نے ان کی طرف [illegible] اور ان کے بھائی [illegible] کی باقی ماندہ [illegible] نے اس کے پاس [illegible] وحدت اختیار کی [illegible] بیٹے سے پہلے لوگوں [illegible] بھائی [illegible] ۳۱۵ھ میں فوت ہو گیا۔ پس [illegible] نے اس کا محاصرہ کر لیا اور اس پر غالب آ کر اسے قتل کر دیا اور شہر کو لوٹ لیا اور [illegible] پھر [illegible] کی طرف واپس آیا اور اس کی حکومت [illegible] اسماعیل بن عبدالملک بن عبدالرحمن بن سعید [illegible] اور [illegible] بن صالح بن منصور [illegible] اور صالح بن منصور [illegible] بنایا تھا [illegible] آ گیا اور وہاں [illegible] دن ٹھہرا

رہا۔ پھر میسور ابی القاسم بن عبداللہ نے اپنے غلام صندل کو جب اس نے فاس میں پڑاؤ کیا، جنگ کے لئے روانہ کیا، پس اس نے صندل کے ساتھ فوج بھیجی تو اس نے جراوہ کا محاصرہ کر لیا۔ پھر نکور واپس آ گیا اور اسماعیل بن عبدالملک نے قلعہ آوربی میں اس سے پناہ حاصل کی اور صندل نے اس کے پاس اپنے طریق سے ایلچی بھیجے اور اس نے انہیں قتل کر دیا پس وہ تیزی سے اس کی طرف گیا اور آٹھ دن اس سے جنگ کر کے اس پر غالب آ گیا اور اسے قتل کر دیا اور شہر کو لوٹ لیا اور قیدی بنائے اور کتامہ کے ایک آدمی مرمازو کو اس پر اپنا جانشین بنایا اور صندل فاس پہنچ گیا۔ پس اہل نکور نے سر اٹھایا اور موسیٰ بن معتصم بن صالح بن منصور کی بیعت کر لی اور وہ مطلن میں ابوالحسن کے پاس تھا اور وہ ابن رومی کے نام سے معروف تھا اور صاحب مقیاس کہتا ہے کہ وہ موسیٰ بن رومی بن عبدالسمیع بن رومی بن ادریس بن صالح بن ادریس بن صالح بن منصور ہے اور اس نے مرمازو اور اس کے ساتھیوں کو گرفتار کر کے انہیں قتل کر دیا اور ان کے سروں کو ناصر کے پاس بھیج دیا۔ پھر اہل اس میں سے اس پر عبدالسمیع بن جرثم بن ادریس بن صالح بن منصور نے حملہ کر دیا اور اسے معزول کر کے ۳۲۹ھ میں نکور سے باہر نکال دیا اور موسیٰ اپنے اہل و عیال کے ساتھ اندلس گیا اور اس کا بھائی ہارون بن رومی اور اس کے بہت سے بیٹے اور اس کے اہل بیت بھی ساتھ تھے۔ پس ان میں سے کچھ تو اس کے ساتھ مریہ میں اترے اور کچھ مالقہ میں اترے پھر اہل نکور نے عبدالسمیع کے خلاف بغاوت کر دی اور اسے قتل کر دیا اور انہوں نے مالقہ میں سے جریج بن احمد بن زیادۃ اللہ بن سعید بن ادریس بن صالح بن منصور کو بلایا اور وہ جلدی سے ان کے پاس آ گیا اور انہوں نے ۳۳۶ھ میں اس کی بیعت کر لی اور اس کے کام درست ہو گئے اور وہ اپنے سلف کے مذہب کا مقتدی اور حضرت امام مالکؒ کے مذہب کے مطابق عمل کرنے والا تھا۔ یہاں تک کہ ۳۶۰ھ کے آخر میں اپنی حکومت کے چوبیسویں سال میں فوت ہو گیا اور یہ حکومت اس کے بیٹوں میں مسلسل چلتی رہی یہاں تک کہ ان پر ازدایہ غالب آ گئے جنہوں نے وہران پر غلبہ حاصل کیا تھا اور ان کے امیر یعلیٰ بن ابی الفتوح ازداجی نے ۳۸۶ھ میں حملہ کیا اور ۳۸۱ھ میں قتل ہو گیا پس اس نے نکور میں ان پر غلبہ پا لیا اور اسے برباد کر دیا اور تین سو چودہ سال بعد صالح کی ولایت کی موجودگی میں ان کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا اور یعلیٰ بن ابی الفتوح کے بیٹوں اور ازداجیہ میں ۴۱۰ھ تک حکومت باقی رہی۔

واللہ مالک الامور لا الہ غیرہ

غمارہ کے حامیم متنبی کے حالات: غمارہ کے لوگ جاہلیت میں صاحب جہل ہیں بلکہ صحرا میں رہنے کی وجہ سے انہیں شرائع سے بعد اور جہالت اور بھلائی کے مقام سے دوری حاصل ہے اور ان میں سے حامیم بن من اللہ بن حریز بن عمر بن وخفو بن آزوال بن مجکسہ نے جھوٹی نبوت کا دعویٰ کر دیا۔ اس کی کنیت ابو محمد تھی اور اس کا باپ ابو خلف تھا اس نے ۳۱۳ھ میں جبل حامیم میں جو اس کی وجہ سے مشہور ہے تطوان کے قریب دعوئ نبوت کیا اور ان میں سے بہت سے لوگ اس کے پاس جمع ہو گئے اور اس کی نبوت کا اقرار کر لیا اور اس نے ان کے لئے قوانین اور عبادات کے طریق اور احکام تیار کئے اور ان کے لئے ایک قرآن بھی بنایا جسے وہ اپنی زبان سے انہیں پڑھ کر سناتا تھا اور اس کے کلام میں سے یہ عبارت بھی ہے: یا من یخلی البصر ینظر فی الدنیا خلنی من الذنبا یا من اخرج موسی من البحر امن بحامیم وبابیہ ابی خلف من اللہ فمن راسی

عطفی و ما یکہ صبری و ما احاط بہ ذمی و لجمی۔

اور حامیم کی پھوپھی ابو خلف بن اللہ کی بہن تھی وہ ایمان لے آئی اس کے علاوہ وہ کاہنہ اور ساحرہ بھی تھی اور حامیم کا لقب مفتری تھا اور اس کی بہن دبو بھی ساحرہ اور کاہنہ تھی اور وہ اس سے جنگوں اور قحط سالیوں میں مدد طلب کرتے تھے اور وہ مصامدہ کی جنگوں میں احواز طنجہ میں ٣١٥ھ میں قتل ہو گیا اور اس کے بعد اس کے بیٹے عیسیٰ کو غمارہ میں بڑا مقام حاصل ہوا اور وہ اس کا قبیلہ بنو منجوجہ وادی لاو اور وادی راس کے قریب تطوان کے پاس رہتے تھے ناصر کے پاس گئے۔

اور اسی طرح ان میں سے اس کے بعد عاصم بن جمیل الیزدجومی نے دعویٰ نبوت کیا اور اس کے واقعات مشہور ہیں اور اس عہد میں مختلف طریقے کام پیتے ہیں اور مجھے اہل مغرب کے مشائخ نے بتایا ہے کہ ان میں اکثر جوان عورتیں جادو کا پیشہ اختیار کرتی تھیں۔ راوی بیان کرتا ہے کہ انہیں روحانیت لانے کا علم حاصل تھا اور وہ جس ستارے سے چاہتے علم حاصل کرتے اور جب اس پر قابض ہو جاتے اور اس کی روحانیت سے اسے گھیر لیتے تو کائنات میں جو چاہتے تصرف کرتے۔ واللہ اعلم

ادارسہ (غمارہ) کی حکومت کے حالات اور ان کی گردش احوال

اور عمر بن ادریس نے اپنی دادی کنزہ ام ادریس کے مشورے سے مغرب کے علاقوں کو محمد بن ادریس اور اس کے بھائیوں کے درمیان تقسیم کر دیا اور اس نے ان میں سے تکیساس ترغہ بلاد صنہاجہ اور غمارہ کو اپنے لیے مخصوص کر لیا اور قاسم نے سبتہ اور طنجہ اور اس کے قرب و جوار کے بلاد غمارہ کو اپنے لیے مخصوص کر لیا۔ پھر جب عمر کے ساتھ اس کے بھائی محمد کی جنگ ہو گئی تو عمر نے ان شہروں پر غلبہ حاصل کر لیا اور انہیں اپنی عملداری میں شامل کر لیا۔ جیسا کہ ہم ان کے حالات میں بیان کر چکے ہیں پھر اس کے بعد محمد بن القاسم نے اپنی عملداری میں واپس آ کر اس پر قبضہ کر لیا اور ان میں سے محمد بن ابراہیم بن محمد بن القاسم نے اپنی پہلی عملداری میں واپس آ کر اس پر قبضہ کر لیا اور ان میں سے محمد بن ابراہیم بن محمد بن القاسم نے اندلسیہ کے مقابل حجر النسر اور سوجہ کو اپنے لیے بطور پناہ گاہ اور گڑھ اپنی اولاد کے لیے بطور سرحد کے مخصوص کر لیا اور فاس اور مضافات مغرب کی امارت محمد بن ادریس کی اولاد میں باقی رہ گئی پھر ان میں سے عمر بن ادریس کی اولاد کو فتح نصیب ہوئی اور ان کا آخری امیر یحییٰ بن ادریس بن عمر تھا۔ جس نے مصالہ بن حبوس کے ہاتھ پر عبید اللہ شیعی کی بیعت کی تھی اور اس نے اسے فاس کا امیر بنا دیا پھر اسے ٣٠٩ھ میں ہٹا دیا اور ٣١٣ھ میں بنی قاسم میں سے حسن بن محمد بن قاسم بن ادریس نے جس نے پچھنے لگوانے کے مقامات پر نیزہ مارنے کی وجہ سے حجام کا لقب اختیار کیا تھا اس کے خلاف بغاوت کی اور وہ بڑا دلیر اور شجاع تھا اور اہل فاس نے ریحان پر حملہ کر دیا اور حسن کو قابو کر لیا اور موسیٰ نے اس پر چڑھائی کی اور اسے قتل کر دیا اور وہ خود بھی فوت ہو گیا اور ابن ابی العافیہ نے فاس اور مضافات مغرب پر قبضہ کر لیا اور ادارسہ کو جلاوطن کر دیا اور انہیں ان کے قلعہ حجر النسر میں محصور کر دیا اور وہ جبال غمارہ اور بلاد ریف کی طرف مائل ہو گئے اور غمارہ کو ان کی دعوت کے ساتھ تمسک میں بڑا استحکام حاصل تھا اور انہوں نے اس طرف ایک نئی حکومت قائم کی جسے انہوں نے ٹکڑے ٹکڑے کر کے تقسیم کر لیا اور ان میں سے سب سے بڑی حکومت بنی محمد اور بنی عمر کی تھی جو تکساس اور ریف میں عمل تھی۔ پھر عبد الرحمن ناصر اندلس کی حکومت پر قبضہ کرنے اور شیعوں کو ہٹانے کے لیے آگے بڑھا

تو ۲۹۲ھ میں جو محمد اس کے لئے بیعت پر تیار ہو گئے اور اس سے جنگ کی۔ یحییٰ بن علی بن صالح کے ہاتھ سے حاصل کر لیا اور وہاں کی اور اس کی دعوت دیا کرتا تھا۔ پھر انہوں نے اسے وہاں سے نکال دیا اور اس کی اطاعت اختیار کر لی اور اسے اس کے ہاتھ سے چھین لیا اور جب ابوالقاسم میسور کو مغرب کی طرف ابن ابی العافیہ سے جنگ کرنے کے لئے لایا گیا تو اس نے ان کی اطاعت چھوڑ دی اور مروانیوں کی دعوت دینے لگا اور محمد اسمٰعیل میسور کی مدد سے اس سے مقابلہ کے لئے گئے اور اس معاملے میں جو عمر نے جو کچھ کیا تھا ان کی مدد کی اور جب ابن ابی العافیہ نے اپنی مصیبت کو کم خیال کیا اور ۳۰۹ھ میں مغرب سے میسور کی واپسی کے ساتھ جب وہ واپس لوٹ آیا تو اس نے ان کو دوبارہ قائم کر کے ساتھ جنگ کی اور ان کے جمعیت ہو گئے اور ناصر نے اپنے وزیر قاسم بن محمد بن طملس کو ۳۳۰ھ میں ان کے ساتھ جنگ کرنے کے لئے بھیجا اور مغرب کے لوگ محمد بن خزر اور اس کے بیٹے کو لکھا کہ وہ اس کی فوج کی مدد کریں تو ابن ابی العافیہ [illegible] آرہی ہے میں ابو العیش بن ادریس بن عمر نے جو ابن [illegible] کے نام سے معروف ہے اطاعت اختیار کرنے میں جلدی کی اور اپنے انہوں نے ناصر کی طرف بھیجا تو اس نے اسے امان دے دی اور اس نے اپنے بیٹے محمد بن ابی العیش کو اطاعت و وفد کے لئے بھیجا تو اس نے [illegible] پر جلدی کی اور اس سے [illegible] لیا اور بنی محمد کا باقی [illegible] سے بھی اس طرح چھوڑ دیا اور اس کے ساتھ [illegible] کرنے لگے تو اس نے سب بنی محمد کے ساتھ بنی عمر [illegible] ان میں سے محمد بن عیسیٰ بن احمد بن عمر اور حسن بن قاسم بن ابراہیم بن محمد وغیرہ [illegible] کر گئے اور جب حسن بن محمد جو حجام کے لقب سے ملقب تھا ابن ابی العافیہ کے خلاف بغاوت کی تھی اس وقت [illegible] اپنی سرداری کے معاملہ میں بنی محمد کی طرف رجوع کرتے تھے انہوں نے موسیٰ بن ابی العافیہ کے فرار کے بعد قاسم بن محمد کو اپنا امیر بنایا جس کا لقب گنون تھا اور اس نے تازی کے سوا کل بلاد مغرب پر قبضہ کر لیا اور شیعہ کی دعوت کو قائم کرے یہاں تک کہ ۳۳۷ھ میں قلعہ حجر النسر میں فوت ہو گیا اور اس کے بعد اس کی حکومت ابو العیش احمد بن قاسم گنون نے سنبھالی جو بڑا عالم اور تاریخ کا [illegible] اور ایک [illegible] آدمی تھا اور [illegible] الفاضل کے نام سے معروف تھا اور مروانیوں کی طرف میلان رکھتا تھا پس اس نے ناصر کے لئے دعا کی اور اپنی عملداری میں اس کے لئے منبر پر خطبات دیئے اور شیعہ کی اطاعت چھوڑ دی اور سب اہل مغرب نے تاہرت تک اس کی بیعت کی اور جب اہل فاس نے اس کی بیعت کی تو اس نے محمد بن حسن کو ان پر حاکم مقرر کیا اور محمد بن ابی العیش بن ادریس بن عمر بن [illegible] جانب سے ۳۴۸ھ میں [illegible] کے بعد فوت ہو گیا [illegible] اپنے باپ کی وفات کی خبر ملی تو ناصر نے اسے اس کی عملداری کا امیر مقرر کر کے بھیج دیا اور محمد کی غیر موجودگی میں حسن نے جو ابو العیش احمد بن قاسم گنون کا بھائی تھا تلمسان میں اس کی عملداری پر حملہ کر دیا اور اس میں داخل ہو گیا اور اس کے مال کو قبضہ میں کر لیا اور جب محمد المنتصر [illegible] قلعہ کے [illegible] اور [illegible] میں اس نے اصحاب کو قتل کیا اور ناصر نے اپنے جرنیلوں کو مغرب کی طرف بھیجا اور [illegible] جس نے ۳۴۸ھ میں احمد بن یعلیٰ کو جو جرنیلوں کے عہدے سے تعلق رکھتا تھا فوج کے ساتھ بنی محمد کی طرف بھیجا اور انہیں [illegible] اور وہ ان کے پاس سے واپس آ گئے تو وہ باغی ہو گئے پس اس نے ان کی جگہ [illegible] کو ۳۴۹ھ میں [illegible] کر کے بھیجا اور

وہ بھی وادی [illegible] میں اس کے مقابلہ میں آ گئے پس اس نے ان پر حملہ کر دیا اور اس کے بعد انہوں نے اطاعت اختیار کر لی اور ناصر نے ابوالعیش امیر بن محمد کے ہاتھ سے طنجہ کو چھین کر اس پر غلبہ حاصل کر لیا اور وہاں [illegible] ناصری دعوت پر قائم رہے۔ پھر ناصر کی فوجیں مغرب کے میدانوں پر چند روز تک رہیں قوموں کے لوگوں نے اس کی اطاعت اختیار کر لی اور وہ مغراوہ کے امراء زناتہ کی طرف [illegible] فاس میں اپنی دعوت دینے لگا جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں۔ پھر بنی محمد کی حکومت کمزور ہو گئی اور ان کے امیر ابوالعیش نے اس سے جہاد کی اجازت طلب کی تو اس نے اسے اجازت دے دی اور اس کے لئے [illegible] سے [illegible] روز کی مسافت تک محلات بنانے کا حکم دیا اور پچیس روز کی مسافت سے پہنچ کر جہاد کیا اور اس نے اپنی مملکت پر اپنے بھائی حسن بن گنون کو اپنا نائب بنایا اور [illegible] نے اسے مقرر کیا اور جزیرہ میں اس کے لئے ایک ہزار دینار کا [illegible] کیا اور وہ ۳۴۳ھ میں جہاد کے میدانوں میں شہید ہو گیا اور اس کے ساتھ اس کا جرنیل [illegible] بھی گرفتار ہو گیا اور جب وہ مغرب سے واپس آیا تو حسن نے دوبارہ ناصر کی اطاعت اختیار کر لی یہاں تک کہ وہ ۳۵۰ھ میں فوت ہو گیا۔ پس اس نے مغرب کی سرحدوں کو محفوظ کرنے اور اس میں اپنی دعوت کو مضبوط کرنے کا عزم صمیم کر دیا اور اس کے لئے اس نے اپنے دوستوں کو [illegible] جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں اس کے اور ادریسیوں اور شیعوں کے درمیان چپقلش پائی جاتی تھی۔ پھر ۳۶۲ھ میں بلکین بن زیری نے اس سے [illegible] مغرب میں جنگ کی اور زناتہ میں خونریزی کی اور دیار مغرب میں [illegible] اور حسن بن گنون شیعوں کی دعوت دینے لگا اور اس نے مروانیوں کی اطاعت چھوڑ دی پس جب بلکین واپس آیا تو اپنے وزیر محمد بن قاسم بن طملس کے ساتھ اندلس کی طرف گیا [illegible] سے فوج اور دوستوں کو پیچھے بھیج دیا اور ان کا ایک فوجی دستہ سبتہ میں داخل ہو گیا اور انہوں نے حکم سے مدد طلب کی تو اس نے اپنے غلام غالب کو جو بہادری میں [illegible] شہرت رکھتا تھا بھیجا اور اسے امانت کے لئے اموال اور [illegible] بھی دیں اور اسے حکم دیا کہ [illegible] ان کے مقام [illegible] واپس آنے کی جرأت نہیں ہوتی اور حسن بن گنون کو بھی اس [illegible] کی اطلاع مل گئی تو وہ بصرہ [illegible] کو چھوڑ گیا اور سبتہ کے قریب اپنے قلعہ حجر النسر میں اپنے ذخائر اموال اور [illegible] حفاظت [illegible] کو واپس لے گیا اور غالب نے [illegible] کے ساتھ اس سے جنگ کی اور کئی روز تک ان کے درمیان مسلسل جنگ جاری رہی۔ پھر غالب نے قبائل کے بڑے بڑے سرداروں اور اس کے ساتھیوں میں اموال کو تقسیم کیا۔ تو وہ [illegible] اور وہ جبل نسر کے قلعہ کو چھوڑ گئے اور غالب نے اس سے جنگ کی اور حکم نے اسے حکومت کے [illegible] یحییٰ بن محمد بن ابراہیم التجیبی کے ساتھ ۳۶۳ھ میں اس کے اہل بیت اور خادموں کے ساتھ بھیجا پس وہ غالب کے ساتھ قلعہ میں اکٹھے ہو گئے اور حسن کے خلاف محاصرہ سخت ہو گیا اور اس نے غالب سے امان طلب کی تو اس نے اسے امان دے دی اور [illegible] کے ہاتھ سے لے لیا [illegible] کے باقی ماندہ ادارسہ پر احسان کیا [illegible] ان کے قلعوں سے [illegible] لیا اور [illegible] جا کر اس پر قبضہ کر لیا [illegible] بن علی بن [illegible] عبدالکریم بن ثعلبہ جذامی [illegible] فاس میں عامل مقرر کیا اور غالب، حسن بن گنون اور [illegible] ملوک ادارسہ کے ساتھ قرطبہ واپس آ گیا اور اس نے مغرب کے حالات کو درست کیا اور

شیعہ کی تائید کی پس یہ ۳۶۵ھ کا واقعہ ہے اور حکم نے ان کا استقبال کیا اور قرطبہ میں ان کی آمد ان کی حکومت کا سب سے بڑا دن تھا اور اس نے حسن بن کنون کو معاف کر دیا اور اس سے وعدہ وفائی کی اور اسے اور اس کے جوانوں کو عطیات انعامات اور خلعتیں دیں اور ان کے وظائف لگائے اور ان کے راشن مقرر کئے اور سواروں کے سات سو بہادر مردوں کے نام دفتر میں لکھے اور اس نے تین سال بعد حسن سے عنبر کے ایک عظیم ٹکڑے کے متعلق سوال کر کے اس پر اتہام لگایا۔ وہ ٹکڑا اس کے دور حکومت میں ساحل مغرب سے اس کے پاس آیا تھا اور اس نے اس کا ایک گاؤ تکیہ بنایا جس سے ٹیک لگا کر وہ آرام حاصل کرتا تھا۔ پس حکم نے اسے کہا کہ وہ اسے اٹھا کر اس کے پاس لے آئے تا کہ وہ اس کی رضا کے مطابق فیصلہ کرے مگر اس نے اپنے حواریوں کی اس شکایت کو تسلیم کر لیا جو خلیفہ کے پاس حسن کی بداخلاقی اور کمینہ پن کے متعلق کرتے تھے۔ پس اس نے اسے پتہ دیا اور اس کے پاس عنبر کے ٹکڑے کے سوا جو کچھ تھا لے لیا اور مغرب حکم کے سامنے درست ہو گیا اور اس کے امراء نے بلکین کی مدافعت میں اس کی مدد کی اور وزیر منصور نے جعفر بن علی کو مغرب پر امیر مقرر کیا اور یحییٰ بن محمد بن ہاشم کو والی بنایا اور حسن بن کنون کو تمام ادارسہ سمیت ان کے اخراجات کے بوجھ کی وجہ سے مشرق کی طرف جلاوطن کر دیا اور ان پر یہ پابندی عائد کی کہ وہ واپس نہ آئیں پس انہوں نے ۳۶۵ھ میں مریہ سے سمندر پار کیا اور قاہرہ میں عزیز کے پاس جا اترے جو پورے ساز و سامان سے آراستہ تھا۔ اس نے ان کی بہت عزت کی اور ان سے نصرت کا وعدہ کیا پھر اس نے حسن بن کنون کو مغرب کی طرف بھیجا اور آل زیری بن مناد کی طرف قیروان میں اس کی مدد کے لئے لکھا پس اس نے مغرب میں جا کر اپنی طرف دعوت دی اور منصور بن ابی عامر نے اس کی مدافعت کے لئے فوج بھیجی جو اس پر غالب آ گئے اور اسے گرفتار کر لیا اور اسے اندلس کی طرف بھیج دیا اور راستے ہی میں قتل کر دیا گیا۔ جیسا کہ ہم نے ان کے حالات میں بیان کیا ہے اور تمام مغرب سے ادارسہ کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا۔ یہاں تک کہ دوبارہ سبتہ اور طنجہ میں بنی حمود کو دوبارہ حکومت ملی جیسا کہ ہم اس کا ذکر کریں گے۔ ان شاء اللہ

باب: ۲۵

حمود اور ان کے موالی

سبتہ اور طنجہ کی حکومت کے حالات اور ان کی گردش

احوال اور ان کے بعد غمارہ کے حالات کا مختصر بیان

جب حکم نے ادارسہ کو عدوہ سے مشرق کی طرف جلا وطن کر دیا اور مغرب کے دیگر بلاد سے بھی ان کے آثار مٹا دیئے اور غمارہ مروانیہ کی اطاعت پر قائم ہو گئے اور انہوں نے زناتیوں کی فوج کو مطیع بنا لیا اور حسن بن کنون ان کی حکومت کی طلب میں واپس آ گیا اور منصور بن ابی عامر کے ہاتھوں ہلاک ہو گیا اور ان کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا اور ادارسہ قبائل میں بکھر گئے اور روپوش ہو گئے۔ یہاں تک کہ انہوں نے اپنے نسب کے اشارہ سے بھی علیحدگی اختیار کر لی اور بدویوں کی طرح بادیہ نشینی بھی اختیار کر لی اور وہ محمد بن ادریس کے جملہ بربروں میں سے دو آدمیوں میں سے جو اندلس چلا گیا اور وہ دو آدمی علی اور قاسم تھے جو حمود بن میمون بن احمد بن علی بن عبید اللہ بن عمر بن ادریس کے بیٹے تھے۔ جن کا دلیری اور شجاعت میں بڑا شہرہ تھا اور جب عامری حکومت کے خاتمہ کے بعد اندلس میں بربریوں کا فتنہ اٹھا اور بربریوں نے سلیمان بن حکم کو امیر مقرر کر کے المستعین کا لقب دیا۔ تو اس نے حمود کے ان دونوں بیٹوں کو مخصوص کر لیا اور انہوں نے بھی اس کی حکومت کی طرف بہت اچھی طرح توجہ دی۔ یہاں تک کہ جب وہ قرطبہ میں اس کی حکومت پر قابض ہو گیا اور اس نے مغاربہ کو علاقے تقسیم کر دیئے۔ تو اس نے اس علی بن حمود کو بھی طنجہ کی حکومت اور اس کے باپ کی جگہ عملداری کا حاکم مقرر کیا اور وہ یہاں خودمختار ہو گیا اور وہاں کے ساتھ اپنے عہد کو دہرایا پھر اس نے بغاوت کر کے اپنی طرف دعوت دینی شروع کر دی اور اندلس کی طرف چلا گیا اور جیسا کہ ہم نے ذکر کیا ہے کہ اس نے قرطبہ کی حکومت سنبھال لی اور طنجہ کی امارت اپنے بیٹے یحییٰ کو دی پھر یحییٰ اپنے باپ کی موت کے بعد اپنے چچا قاسم سے جھگڑا کرتے ہوئے اندلس چلا گیا۔ اور اس کے بعد اس کے بھائی ادریس نے طنجہ اور اس کے دیگر مضافات بلکہ عدوہ پر جو غمارہ کے مواطن میں سے ہے خودمختار حکومت قائم کر لی۔ پھر وہ اپنے بھائی یحییٰ کی وفات کے بعد مالقہ چلا گیا۔ مگر اس نے ان کی حکومت کے آدمیوں کو طلب کیا اور اپنے بھتیجے حسن بن یحییٰ کو سبتہ اور طنجہ میں حاکم مقرر کیا اور نجا خادم کو اس کے ساتھ بھیجا تاکہ وہ اس کی نگرانی میں رہے اور جب ادریس فوت ہو گیا اور ابن بقیہ نے مالقہ پر اپنی مخصوص حکومت قائم کرنے کا

ارادہ کرلیا۔ تو اس نے حسن بن یحییٰ کے لئے نجا خادم کو طنجہ سے بھیجا۔ پس اس نے سبتہ پر قبضہ کرلیا اور ان کی خدمت میں اپنی حکومت منظم کرلی اور سبتہ کی طرف واپس آگیا۔ اس نے حسن کو قرطبہ سے مالقہ تک اقتدار دلا دیا اور جب حسن فوت ہو گیا تو نجا اندلس کی طرف مخصوص حکومت قائم کرنے کے ارادے سے گیا اور اس نے مالقہ میں ادریس [illegible] سے قتال [illegible] کو اپنا جانشین بنایا اور وہ ایک کے بعد دوسرے کو قتل کرتا رہا۔ یہاں تک کہ بنی حمود [illegible] مالقہ میں سے [illegible] اور جب حکومت پر برغواطی نے خود قبضہ کرلیا اور یہ شیخ حمود کے خادموں میں سے تھا اس نے اپنی جماعت کے ایام میں برغواطہ کے قیدیوں میں سے خریدا تھا اور پھر یہ علی بن حمود کے پاس آگیا۔ پس اس نے اپنی طبعی شرافت کو اختیار کیا۔ یہاں تک کہ اس نے ان کے بعد حکومت قائم کرلی اور طنجہ میں ان کی کرسی اقتدار پر بیٹھ گیا اور قبائل غمارہ نے اس کی اطاعت اختیار کرلی اور مرابطین کی حکومت تک اس کی حکمرانی قائم رہی اور [illegible] یوسف بن تاشفین غالب آگیا اور اس نے جب سقوت کو اس کے [illegible] کے خلاف مدد دینے کو کہا اور مغرب کے [illegible] میدان سے [illegible] کی طرف چلا گیا۔ جو [illegible] کے قریب ہے۔ [illegible] یوسف بن تاشفین نے [illegible] ان سے جنگ کی اور جب سقوت کو ان کے خلاف مدد دینے کو کہا۔ تو اس نے اس سے [illegible] کے خلاف مدد دینے کا وعدہ کرلیا۔ پھر اس نے بیٹے [illegible] کی [illegible] اس بات سے [illegible] جب یوسف بن تاشفین اہل اندلس سے فارغ ہوا تو ان پر ٹوٹ پڑا۔ اس نے [illegible] کے قصبوں میں سے [illegible] کو فتح کرلیا اور مغرب نے اس سے جنگ کے [illegible] اختیار کرلی۔ تو اس نے اپنی [illegible] کرلی اور صالح بن عمران کی قیادت میں جو لشکر [illegible] میں سے تھا فوج کو اس کے مقابلہ میں بھیجا۔ [illegible] نے اس کے آنے سے [illegible] اور وہ ان پر ٹوٹ پڑے اور حاجب [illegible] کو اس کی اطلاع ملی۔ تو اس [illegible] اس کی [illegible] آواز [illegible] طنجہ میں چڑھ آیا۔ جو اس کی سلطنت کی سرحد پر واقع ہے اور اس کی جانب اس کا بیٹا ضیاء الدولہ [illegible] ان قائدوں کے مقابلہ کے لئے باہر نکلا اور طنجہ کے نزدیک دونوں فوجوں کی مڈبھیڑ ہوئی اور سقوت کو شکست ہوئی اور اس کی فوجیں تتر بتر ہو گئیں اور مرابطین کی فتح کی آواز دینے لگی اور اس کی جان ان کی تلواروں کی دھاروں پر نکل گئی اور وہ طنجہ میں داخل ہو گئے اور اس پر قبضہ کرلیا اور ضیاء الدولہ سبتہ چلا گیا۔ اور جب اذفونش نے بلاد اندلس پر حملہ کیا اور ابن عباد نے اپنے فریادرس امیر یوسف بن تاشفین کی طرف بھیجا کہ وہ اذفونش کے ساتھ جہاد کرنے اور مسلمانوں کے دفاع کے وعدے کو پورا کرلیں اور [illegible] جہاد پر آمادگی کے خطوط لکھے اور اس نے ۴۷۶ھ میں اپنے بیٹے المعز کو مرابطین کی افواج میں [illegible] کی طرف بھیجا اور اس نے [illegible] سے تنگی میں جنگ کی اور [illegible] کے بحری بیڑوں نے اسے سمندر کی جانب سے گھیر لیا اور [illegible] گھس گئے اور ضیاء الدولہ کو گرفتار کرلیا اور اسے المعز کے پاس پہنچایا۔ [illegible] کی طرف [illegible] اس سے [illegible] اور وہ [illegible] قتل [illegible] اور اس نے اپنے باپ [illegible] اور [illegible] حکومت کا خاتمہ ہو گیا [illegible] اور سلطنت [illegible] کی اور [illegible] ان کی اطاعت [illegible] کرتے رہے۔

اور جب مغرب میں مہدی کا ظہور ہوا اور اس کی وفات کے بعد موحدین کی پوزیشن مضبوط ہوئی۔ تو اس کا خلیفہ

پھر لمتونہ نے اپنی بڑی بڑی جنگوں میں ان کے ملک میں جانے لگا۔ [illegible] نے ۴۲۲ھ اور اس کے بعد مغرب کو فتح کر لیا۔ پہلے ان سے قبل ادارسہ پر اس کا قبضہ ہو چکا تھا۔ جیسا کہ ہم ان کے حالات میں بیان کریں گے اور انہوں نے ان کا پیچھا کیا اور موحدین سے جنگ کی۔ پھر موحدین نے فتح کر لیا اور فتح میں رکاوٹ بننے کی وجہ سے ان کے قائد عیاض نے بڑا کردار ادا کیا۔ یہ سارا جبل اپنے دین کی قوت، علم اور نسب کی وجہ سے ان کا بہت مشہور ہو چکا تھا۔ پھر موحدین کی فتح کے بعد یہ بھی ان ۲۱ھ میں فتح ہو گیا اور جب بنی عبد المومن کی حکومت کمزور ہو گئی اور ان کی ہوا اکھڑ گئی اور مصیبت میں بہت بڑھ گئی۔ تو ان میں ابن محمد تاویل نے ۶۲۵ھ میں اقتدار پر قبضہ کر لیا اور اس کا باپ دونوں کو پوچھا کہ تصرفات میں الگ تعلق تھے۔ [illegible] وہاں سے ان کے بیٹے محمد نے کیا کہ کو حکم کیا تھا اور اس کا لقب ابوالطواجین تھا۔ پس وہ سبتہ کی طرف چلا گیا اور بنی سعید کی امان میں آ گیا اور کیمیا گری کا دعویٰ کر دیا۔ تو مختلف قسم کے لوگوں نے اس کی اتباع کی۔ پھر اس نے نبوت کا دعویٰ کر دیا اور قرآن بنانے اور کئی طرح کے شعبدے دکھانے اور ان کے بہت سے کارناموں کی بہت شہرت ہو گئی۔ پھر انہیں اس کی خباثت کا علم ہو گیا۔ تو انہوں نے اس کے عہد کو توڑ دیا اور وحدت کو بھول نے اس پر چڑھائی کی تو وہ وہاں سے بھاگ گیا اور ایک بربری کے ہاتھ سے قتل ہو گیا پھر مغرب کے شہروں پر اور سعید بن یخلف مریں غالب ہو گئے اور ۶۷۴ھ میں وہ اور آپ کے تحت حکومت پر قابض ہو گئے۔ اور قبائل غمارہ نے ان کی اطاعت سے انکار کیا اور پہلے سے اختلاف کی وجہ سے اطاعت کرنے سے علیحدہ رہے اور ان کی اطاعت ذرا بھی نہ کی وجہ سے انہیں بنی مرین کے طرف کی اطاعت اختیار نہ کی اور ان کی بات شوری تک پہنچی تو فقیہ ابوالقاسم العزفی نے بھی ان کے معاملے میں سے فقط [illegible] کیا۔ ہم عنقریب تمام حالات کو بیان کریں گے۔ پھر قبائل غمارہ اور ان کے رؤساء کے درمیان جنگیں ہوئیں اور بنی مرین میں سے ایک گروہ قریب میں طاغی السلطان کے پاس چلا گیا۔ یہ لوگ اپنی طاقت کی وجہ سے تھے اور دوسروں کو ان کے سرداروں نے مجبور کر کے اطاعت میں شامل کیا۔ پھر بنی مرین نے ان کی حکومت پر قبضہ کر لیا اور ان پر عامل مقرر کیا اور ان کے پیچھے پیچھے چلے گئے اور ۷۰۳ھ میں الموحدین کی حکومت پر قبضہ کر لیا۔ ہم عنقریب ان کی حکومت میں بیان کریں گے اور اس وقت انہیں بڑی کثرت اور عزت حاصل ہے اور ان کے علاقے نہایت اچھے ہیں اور وہ حکومت کے خودمختار ہونے کے وقت سے ان کے طاعت گزار اور ان کے گزار نہیں اور جب وہ کسی دعا کو مانتے ہیں اور حکومت کے ساتھ جنگ کرنے میں مشغول ہوتے ہیں تو وہ لشکر کے ان کی طرف فوج بھیجتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اطاعت پر قائم ہو جاتے ہیں اور انہیں پہاڑوں کی دشواری کی وجہ سے قبضہ اور تحفظ حاصل ہے اور حکومت کا ان میں سے بڑا حصہ ان کے پاس ہے۔ وہ اسے بنا دیتے ہیں اور اس پہاڑ کا حکمران یوسف بن عمر اور اس کے بیٹے ہیں۔ جنہیں ان کی عزت و شہرت حاصل ہے۔ انہوں نے اپنا کام سنبھالا اور وہ سے لگاتے اور بیت اور سلطان سے تعلق رکھتے ہیں ان نے عطیات مقرر کیے ہیں اور انہیں فوج کے میدان میں دوستی پیدا کرنے کیلئے پابند کی ہیں۔

باب: ۲۶

قبائلِ مصامدہ

بطون مصامدہ میں سے مغرب اقصیٰ کے اہل جبال درن
کے حالات اور ان کے غلبہ اور آغاز و انجام کا بیان

مصامدہ [illegible] پہاڑوں کے [illegible] میں سے ہیں۔ [illegible]
[illegible] پھیلے ہوئے ہیں اور ان کی [illegible] مغرب کے [illegible]
[illegible] بے حد و حساب [illegible]
[illegible]
[illegible] پہلے [illegible]
[illegible]
[illegible] بہت [illegible]

اور [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] اسلام [illegible] پہلے [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] مصامدہ [illegible]
[illegible]
[illegible]

بادیہ نشین گروہ سے مصمودہ کے عرب ہیں اور مصامدہ نسل سے دو شاخیں ہیں اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ غمارہ اور زناتہ اور ایلانہ بھی ان میں سے ہیں۔ دوسرے علماء اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ مصامدہ کے بطون میں سے گزولہ اور لمطہ بھی انہی میں ہیں جو ارض سوس میں ذوی حسان کے حلیف ہیں۔ جو معقل عربوں میں سے ارض سوس پر غالب ہیں اور بطون لمطہ میں سے زیادہ قریب بھی ہے۔ جو ان پہاڑوں کے مضبوط ترین قطعے میں آباد ہیں اور ان کا پہاڑ قبلہ کی جانب سے سوس کے میدانوں اور مغرب کی جانب سے بحیرۂ روم پر جا ملتا ہے اور وہیں کے بعد میں بیان کیا جاتا ہے کہ انہوں نے قلعے کی مضبوطی کی وجہ سے اپنے قبیلے پر حکومت کی ہے اور وقت اسلام میں ان مصامدہ کو ان پہاڑوں میں بڑی قوت و طاقت حاصل تھی اور یہ لوگ دین کے اطاعت گزار اور اپنے برغواطی بھائیوں کے کفر اور مذہب کے مخالف تھے اور ان کا مشاہیر میں سے کثیر ابن وسلاس بن شملال بن [illegible] ہے جو یحییٰ بن یحییٰ ہے جو مؤطا کا امام مالک سے راوی ہے۔ یہ اندلس میں داخل ہوا اور طارق کے ساتھ فتح میں شامل ہوا۔ اور ان کے دوسرے مشاہیر اندلس ہی میں قیم گئے اور ان کی اولاد کا ذکر حکومت امویہ کے ذکر میں آتا ہے اور اسلام سے قبل ان میں ملوک اور امراء ہوئے تھے اور ان کی جو ملوک مغرب کے ساتھ جنگیں ہوتی ہیں۔ یہاں تک کہ عبیدی پر ان کا اتفاق ہو گیا اور اس کی دعوت کو قائم کرنے کے لئے ان میں جو حکومت و سلطنت تھی اور ایک مدت تک ان کے حوالے۔ یہ اور افریقہ میں صنہاجہ سے قبل جیسا کہ یہ بات مشہور ہے اور اب ہم اس کا ذکر کریں گے ان شاء اللہ۔

باب : ۲۷

جبال درن میں مہدی کے ابتدائی حالات

موحدین کا بانی عبدالمومن کے ذریعے افریقہ میں حکومت قائم کرنا

اور مہدی کی جبال درن میں مصامدہ کی عظیم پوزیشن اور ان کی جماعت کی کثرت اور ان کی جنگی قوت حاصل ہے اور عقبہ بن نافع اور موسیٰ بن نصیر کے ساتھ جنگوں میں جن میں انہوں نے اسلام قبول کیا، یہاں تک کہ وہ اسلام پر قائم ہو گئے۔ جیسا کہ یہ بات مشہور و معروف ہے۔ یہاں تک کہ لمتونہ کی حکومت ان پر سایہ فگن ہوئی اور اس حکومت میں ان کی پوزیشن مضبوط ہو گئی اور یہ سلطنت اور حکومت میں ان کے لیے بڑا استحکام حاصل ہوا۔ یہاں تک کہ جب انہوں نے مراکش شہر کی حد بندی کی تو انہوں نے ان کو اپنے درن کے مواطن کے پڑوس میں اتارا تاکہ وہ دوسرے لوگوں کو بھی کمانڈ دیں۔ آسانی سے اطاعت نہ کرنے والوں کو مطیع بنا کر رکھیں اور اس حکومت کے آخر اور علی بن یوسف کے عہد میں ان کے مشہور امام محمد بن تومرت کا ظہور ہوا جو موحدین کی حکومت کا حکمران اور مہدی کے نام سے مشہور تھا۔ جو اصل میں ہرغہ میں سے تھا۔ جو مصامدہ کے بطون میں سے ہے۔ جنہیں ہم نے شمار کیا ہے۔ اس کے باپ نے اس کا نام عبداللہ اور تومرت رکھا اور صنوتی میں اسے امغار کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے اور وہ محمد بن عبداللہ بن وجلید بن یامصال بن حمزہ بن عیسیٰ تھا جیسا کہ ابن رشیق نے بیان کیا ہے اور ابن القطان نے اس کی تصدیق کی ہے اور مغرب کے بعض مؤرخین نے بیان کیا ہے کہ وہ محمد بن تومرت بن نیطاوس بن سارا بن شفون بن انکالیس بن خالد ہے اور بہت سے مورخین کا خیال ہے کہ اس کا نسب اہل بیت سے متعلق ہے اور وہ محمد بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ہود بن خالد بن تمام بن عدنان بن سفیان بن صفوان بن جابر بن عطا بن رباح بن محمد ہے۔ جو سلیمان بن عبداللہ بن حسن بن حسن بن علی بن ابی طالب کی اولاد سے ہے۔ جو ادریس اکبر کا بھائی ہے اور اس کے بہت سے گھر والوں نے اس کے نسب کو مصامدہ اور اہل سوس میں بیان کیا ہے اور اس سلیمان کے متعلق ابن حزم نے بھی اسی طرح بیان کیا ہے اور وہ مغرب میں اپنے بھتیجے ادریس کے پاس چلا گیا اور تلمسان میں اترا اور اس کی اولاد مغرب میں بکھر گئی اور ابن یوں کہتا ہے کہ وہ سوس کا بربری اس کی اولاد میں سے ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ ادریس کے ان قرابتداروں میں سے ہے۔ جو اس سے مغرب میں آ ملے تھے اور رباح جو اس نسب کا ستون ہے۔ وہ بن یسار بن العباس بن محمد بن حسن ہے۔ دونوں صورتوں میں بربری کی نسبت ہرغہ میں واقع ہوتی ہے۔ جو مصامدہ کے قبائل میں سے ہے اور اس کی جڑیں ان میں پیوست ہیں

